شیو کا سمرن کرتے کرتے کرشن جی ہو گئے شیام ۔ شیو جی ہو گئے سیت جپا کرتے ہین کرشن کا نام

ایسا نہین کوئی کا ست سنگ بھلا ۵۳

کرشن بجاوین مرلی لکھ دھر مرلی جی گاتے گان ۔ نکلے دونون مین ایک ہی تان بھلا
کرشن بھرین بھنڈار جگت کے شیو دیتے بردان ۔ کرین دونون جن کا کلیان بھلا

دوہا

کرشن کرین بیراگ پیبر اور شیو دھارین سنیاس ۔ وہ اسکے سیوک ہینگے اور وہ ہین اسکے داس

کرین راچھسون کو دونون ذنگ بھلا ۵۴

کرشن سووتے سیس کی سجیا پر کرتے آرام ۔ کرین شیو مسان مین بسرام بھلا
کرشن کرین شیو کی سیوا شیو کرین کرشن کا کام ۔ رٹون دونون کو آٹھون جام بھلا

دوہا

شیو پوجین کرشن کے چرن کرین کرشن لنگ پوجا ۔ ہری ہر آتم ایک مورتی اور نہین دوجا

انکے سر گنگ انکے سر گنگ بھلا ۵۵

تر لگن سے شیو رہت کرشن ہین تین لوک مین پرے ۔ سمجھ چاہے ہر کہو چاہے ہر سے بھلا
شیو نے تریپرا سُر کو مارا کرشن سے کورو مرے ۔ دونون سہیہ کوئی سے نہین ڈرے بھلا

دوہا

شیو کے سنگ ہے سدا جوگنی اور بھوت بیتال ۔ کرشن لیے گوالنی سنگ مین برج کے سارے گوال

وہ پیوین دودھ وہ پیوین بھنگ بھلا ۵۶

کرشن سنے گورا جی شیو جی سنے لچھمی آپ ۔ نہ آن کو چین نہ ان کو پاپ بھلا
کرشن ہرین بادھا تن کی شیو دور کرین سنتاپ ۔ میرا من دونون مین رہا بیاپ بھلا

دوہا

کرشن نے نندی گن شیو جی گرڑ رو لیے دھار ۔ وہ انپر بیٹھے اور وہ ہو لیے انپر اسوار

سہیہ دونون ایک ہین اور ہو رنگ بھلا ۵۷

کرشن پارتھی پوجین شیو جی پوجین سالگرام ۔ سب دونون کا شدھ رو دھام بھلا

کچھی سکے ہیں پاس اپنی ہیرے لعل موتین کی کان — گوری کی بھبوت ہی دھن دان بھلا

دوہا

کچھی ہیں لیے گورگوری ملین کرے کچھی پاس — سنو ادھر دھیان تم ہے انکی راس
ہو انکی کنبھ اور انکی میکھ بھلا ۵۰

مہری کچھی سپنے تن کے اوپر ستبر لال — گوری جی اوڑھ رہی مرگ چھال بھلا
کہین پیارے ہیں کہیں جوگی ہو کرین پرتپال — نہین کہین انت کال کا کال بھلا

دوہا

برہم سے لکھتے تھکے سیس جی نے نہین پایا پار — بنارسی یہ کہے کہو نہین کہان تک بستار
سمجھے دونون کی بھگت شنکر بھلا

دیگر

شیو گورا کو سب کوئی کہتے یہ دونون ایک ہی انگ
کرشن شیو ہم کہتے ادھنگ بھلا ۵۱

آدھے سیس پر جٹا اور آدھے لٹکے لٹ کالی — آدھے شیو آدھے منبالی جی بھلا
آدھے مکھ بیدانت اور آدھے بیدگی دھن لی — کرین ایسین لیلا جیالی جی بھلا

دوہا

کہین گوری جی سنو کبھی دیکھو بیٹ کا روپ — ایسا روپ نہین دیکھا تھا سو دیکھو آج سروپ
آدھے شنکر کٹ آدھے سرنگ بھلا ۵۲

آدھے سیس پر چندر اور آدھے چندنکا ہو کھور — ادھر مور چھل اور ادھر ہی چونر بھلا
آدھے مکھ اکھن اور آدھے دھتوریکا ہی کور — آدھا انگ شیام آدھا انگ گور بھلا

دوہا

آدھے انگ میں بھسم لگی اور آدھے لگی سوگند — آدھا انگ ہو کر دھ دنت اور آدھا ہی آنند
آدھے انگ استر اور آدھا ننگ بھلا ۵۳

آدھے مکھ مرلی باجے آدھے مکھ باجے ناد — نہ انکا انت نہ انکا آد بھلا

آدھے مکھ امرت اور آدھے ہلاہل کا سواد
دور کرین چھن مین مگھن مکہت دکھبلا

دوہا

آدھے انگ مین سرپا اور آدھے انگ مین کچھ کچن ہیم
ادھا انگ ہی گرم رہبت اور آدھے انگ مین تہم

سطہ
آدھا بیرہم جیچ آدھا سر پھنگ بھلا

ادھے کمر مین لنگوٹا آدھے کٹ کیفنی سے
دونون انگ ایکیا انگ مین لسیے بھلا
آدھا آسن گرتیلے آدھا نندی گن پرسے
یہ سوبھا دیکھ میرا من ہنسے بھلا

دوہا

اردھ سروپ ہی مہاکال اور آدھا پالن ہار
بنارسی یہ کہے ہی اسکی مہما اگم اپار
دیکھ تہر نر مین ہوگئے دنگ بھلا

دیگر

سطہ
گھر ملے اسے جو اپنا گھر کھووے ہی
جو گھر رکھے وہ گھر گھر مین روسے ہی

جو راج تجے وہ مہاراج کرتا ہی
اور جان تجے تو کبھی نہین مرتا ہی
سکھ تیاگے تو وہ اور کا دکھ ہرتا ہی
دھن تجے تو پھر دولت سے گھر بھرتا ہی

سطہ
جو پلنگ تجے وہ پھولون پر سووے ہی
جو گھر رکھے وہ گھر گھر مین روسے ہی

جو پیدار اکو تجے وہ پاوے رانی
اور چھوٹھ بچن دے چھوڑ سدھ ہو بانی
جو دور بدھی کو تجے وہی ہوگیانی
من تیاگے تو ملے رودھ من مانی

سطہ
جو سرب تجے اسکو سب کچھ ہووے ہی
جو گھر رکھے وہ گھر گھر مین روسے ہی

جو کچھ اچھا نہین کرے وہ اچھا پاوے
اور سواد تجے تو امرت بھوجن کھاوے
نہین مانگے تو پھل پاوے جو من بھاوے
ہی تیاگ مین تینون لوک بیدیون گاوے

جو میلا ہو کے رہے وہ دل دھووے ہی

جو گھر رکھے وہ گھر گھر مین روے ہی ۵۰

جو کچھ یاد کو سجے وہ سب کو جیتے
اور کام سجے تو ہووے کام من چیتے
کہے دیبی سنگھ ہر نام جنہون نے لیتے
اُن کو گوبند نے برہم لوک پہونچا دیتے

اب بنارسی گھر کھو کے برہم مین ٹووے ہی
جو گھر رکھے وہ گھر گھر مین روے ہی

دیگر

وہ آپ ہی آپ ہی ایک اور نہین کوئی ۵۱
کہو کلغی طرہ کہان سے آگئے دوئی

وہی پرہم الیش ہمیش وہی ہی شکتی
سن کسی کی نندا مجھے بھلی نہین لگتی
اُپجے کر مانو کر و برہم سے بھگتی
ہی سب مین پورن برہم جو تی جگتی

کیون جھوٹ بات کر کرکے بدہی کھوئی ۵۲
کہو کلغی طرہ کہان سے آگئے دوئی

مایا مین بستا برہم برہم مین مایا
مایا سے سرشٹی کری اور جگت رچایا
ہی چار بید نے اسی طرح سے گایا
مایا کے بیچ مین کلغی طرہ آیا

ہی برہم پھول مایا اسکی خوشبوئی ۵۳
کہو کلغی طرہ کہان سے آگئے دوئی

وہی الکہ نرنجن نرا کار اپناسی
وہ بڑی دور نیرے اور سب کے پاسی
ہی سب نیارا سب گھٹ گھٹ کا باسی
جس جس نے اُسکو لکھا وہی سنیاسی

کیون نندا کر کے پاپ کی گٹھری ڈھوئی ۵۴
کہو کلغی طرہ کہان سے آگئے دوئی

کوئی انگھٹر چھپر بنبنڈا اُڑنڈا گا وے
کوئی کلغی طرہ سے جیتے خیال بنا وے
جو کچھ یاد کو کرے وہ غوطے کھاوے
کہے دیبی سنگھ نہین بھید گیان کا پاوے

کہے بنارسی ہی سوہم پاہر سوئی

کہو کلنی شستہ کہاں سے آئے ہو وئی

دیگر

سلہ
کہین پن کرو تو بڑا پاپ ہوتا ہی
کہین پاپ کیے سے پن آپ ہوتا ہی

کہین اگن مین رہے کے سیتل تن ہوتا ہی
کہین دکھ مین سکھ ہو پران مگن ہوتا ہی
کہین جل مین سب کے روپ اگن ہوتا ہی
کہین دان کیے سے اَت نردھن ہوتا ہی

سلہ
کہین گالی دینے سے بھی جاپ ہوتا ہی
کہین پاپ کیے سے پن آپ ہوتا ہی

کہین بھول جاسے تو سب بدپا آوے ہی
کہین پون ادھاری ہو کے سب کھا وے ہی
کہین پڑھے تو وہ پھر سبھی بھول جاوے ہی
کہین بھوگی ہو جیت اِندری کہلاوے ہی

سلہ
کہین اسیس دینے سے بھی سراپ ہوتا ہی
کہین پاپ کرو تو پن آپ ہوتا ہی

کہین جھوٹ بول کے سچا کہلاتا ہی
کہین گرو سے لڑکے چیلا پھل پاتا ہی
کہین ستّ بچن کہہ نرک بیچ جاتا ہی
کچھ اسکا بھید لکھنے مین نہین آتا ہی

سلہ
کہین بجوگ کرکے بھی سلاپ ہوتا ہی
کہین پاپ کرو تو پن آپ ہوتا ہی

کہین دُربل جا کے پربت لیئہ اٹھائی
کہے دیبی سنگھ سچ ہی اسکی پربھوتائی
کہین اَت بلوان سے اسٹے نہ ایکھو رائی
اسے بنارسی تیری گت لکھی نہ جائی

جو ہوتا ہی وہ آپی آپ ہوتا ہی
کہین پاپ کرو تو پن آپ ہوتا ہی

دیگر

سلہ
سبکے بیچ مین ہی اور دکھلائی نہین دے گوبند
ہوا دنیا کو موتیا بند جی

بھیتر کی گئی بھوت وے باہر سے دکھلائی
مرجاوے تو کوئی ساتھ نہین چلے بہن بھائی
کہین یہہ باپ ہی یہ مائی جی
یا چچا ہو یا ہو تائی جی

جھوٹ بات نہین کہتے بولے ست بچن یہ رند　　ص۲
ہوا دنیا کو سوتیا بند جی

ارے موڑھ اگیان تو کیون بھٹکے ہی چارون دھام
اُسے تو کیون نہین دیکھے جو ہر دمین کرے بسرام
ترے گھٹ مین ہی تمہارا رام جی
نام جپ تو تیرا ہو نام جی

گھٹ مین ہی تمہاد دیکھ پڑے نہین یو نہین گنوائی زند　　ص۳
ہوا دنیا کو سوتیا بند جی

گود مین لڑکا اور ڈھنڈھورا شہر مین پھیر واتے
اسی طرح سے گھٹ مین ہر باہر کھوجن جاتے
شل جو ہو وہی ہم گاتے جی
سے ملے نہین اُلٹے پھیر آتے جی

مسلمان مکے جا بھٹکے ہندو بھٹکے ہند　　ص۴
ہوا دنیا کو سوتیا بند جی

جگناتھ اور بدری ناتھ سب ہم بھی پھیر آئے
دیبی سنگھ نے گیان دھیان کے سدا چھند گائے
کرشن اس بروے مین پائے جی
رام کے چرن چت لائے جی

نبارسی نے گیان ورشٹ سے دیا جگت کو پند
ہوا دنیا کو سوتیا بند جی

دیگر

جو چاہے سو کرے پربھو اسکی گت لکھی نہ جاے　　ص۱
کرم کے لکھے کو دیئہ مٹاے جی

کتنے ہی مر گئے تو انکو پل مین دیا جلاے
بولا چڑھے پہاڑ کے اوپر بن پور کم سے دھلاے
کال کو دیکھ کال ہی کھاے جی
ایک ترن مین ترلوک سماے جی

سیت باندھ کے سمندر مین ہر پتھر دیئے تراے　　ص۲
کرم کے لکھے کو دیئہ مٹاے جی

	دوہا	
لگی اسمین ادویت کی جوڑی پٹھا ٹھیک چھلا دسے نہین کہین ہے اسکی کور جی		اور کوئی نہین نرنگ ہو اسمین نرگن رنگ ملا من تپنگ بڑھگیا ست کا گھوم رہا ہون اور
	کال کے اوپر کرتا زور جی	۵۳
کرشن نام کی لگائی کنچھی کبھی نہ کٹنے لگے برہم پیچھلے سے ڈر ڈر بالی کنکوے بھگے		ساتوین اکاس پہ جھلکنے جی گئے وہ جم کے لوک مین ٹھگنے جی
	دوہا	
گیان کا گولا دھیان کا مانجھا جیون کھانڈ کی دھار نہ ٹوٹے ست شبد کی ڈور جی		ست گرو کی شہ لگی تو ہوگئے بھوساگر کے پار من تپنگ بڑھگیا ست کا گھوم رہا ہون اور
	کال کے اوپر کرتا زور جی	۵۴
سدہ آتما بنی یہ تکل جو سکھتے پہ پر کھٹری پن باپ سے الگ ہی یہ نہین نرم نہین کڑی		یہ مہما اس تکل کی بڑی جی کاٹا اس کو جو اس سے لڑی جی
	دوہا	
دیبی سنگھ لوپن کہین جو اسکے بیچ مین آوے کہے چھند بنارسی جب جوڑ جی		جھٹ پٹ لے لپیٹ کھینچ اپنے گھر مین لاوے من تپنگ بڑھگیا ست کا گھوم رہا ہون اور
	کال کے اوپر کرتا زور جی	۵۵
	دیگر	
	گوالن سے کرشن جی کہین مدھر بولی مین یہ کہا چرائے جات ہو تم جھولی مین	۵۶
کہین دودھ بیچن یہ کہان سے گٹھری پائی یہ سنت بچن تب تو گوالن مسکیائی		اسمین ہوہ موتی مانگ دین دکھائی اور لگی گالیان دینے بہت رسائی
	مت بولو ایسا بچن مری ٹولی مین یہ کہا چرائے جات ہو تم جھولی مین	۵۷

پھر کہین کرشن تم ہمکو تنک دکھاؤ
یون کہین گوالنی ہٹو ادھر کو جاؤ
جو چوری نہین ہو کری تو کیون شرماؤ
مت کرو ہنسی کی بات نہ موہ لجاؤ

۵۳
پھر کہین کرشن اپنی بتیسان بھولی مین
یہہ کہا چرائے جات ہو تم چولی مین

اس وقت کرشن نے ایسی موہنی ڈالی
سب کھول کے انگیا اسکی دیکھی کھالی
گوالن مد مین کھلی چور نہ بولی چالی
دونون کچ لینے پکڑ ہنسے بن مالی

۵۴
نت ایسی لیلا کرین کرشن ہو لی مین
یہہ کہا چرائے جات ہو تم چولی مین

تھی بہی اچھا گوالن کی کرشن ملجاوین
کہے دیپی سنگھ جو کرشن کی استت گاوین
اور پکڑ کے بہیان موکو گلے لگاوین
وہ جیتے ہی جی جیون مکت کو پاوین

۵۵
کہے بنارسی کیا ہی انگیا بولی مین
یہہ کہا چرائے جات ہو تم چولی مین

دیگر

نہین مرے سے سر پر کچھ نہین ہی مجکو دکھ دند
نہین لوبھ نہین موہ نہین بدہ نہین اہنکار
نہین رات نہین دن نہین تم گھڑی لگن نہین بار
نہین اوجڑ نہین جنگل بستی نہین کٹم گھر بار
مرا ہی روپ سچدانندجی
نہین آچار اور نہین بچار جی
نہین ہی اپنا پار اوار جی
نہین وار اسست نہین مدار جی

دوہا

نہین سیس نہین مکھ نہین جیبھا نہین پانی نہین ہاتھ
نہین اودر نہین لنگ چرن نہین نہین کان نہین دانت

۵۶
نہین بید نہین شاستر نہین اشلوک نہین پد چھند
مرا ہی روپ سچدانندجی

نہین کام نہین کرودھ نہین کچھ گیان نہین اگیان
نہین نیم نہین سنجم پوجا نہین تیرتھ اشنان
نہین کوئی منتر تنتر نہین دھیان جی
نہین برت ہوم جگ نہین دان جی

نہین جوگ نہین بھوگ نہین سنجوگ مان اپمان | نہین بن باسی نہین استھان جی

دوہا

نہین سیدھا نہین گول نہین دُبلا اور نہین موٹا | نہین ٹیڑھا نہین پیڑھا بہت نہین ٹڑا نہین چھوٹا

نہین ترش نہین لون الونا نہین کڑوا نہین قند
مرا ہی روپ سچدانند جی

۵۳

نہین سکھ نہین دُکھی نہین دھنوان نہین کنگال | نہین سکھی اور نہین بھوپال جی
نہین سمندر نہین ندی نہین ہی کوپ پاؤ تی تال | نہین ہی آکاش نہین پاتال جی
نہین سپیت نہین پیت نہین ہی کپوت نیلا لال | نہین ہی برچھ پھول پھل ڈال جی

دوہا

نہین ہیرا نہین موتی مانک نہین رتن کی کان | نہین کھڑگ نہین چکر نہین ترسول دھنک نہین بان

نہین جاگرت نہین سپن سشوپت نہین کھلا نہین بند
مرا ہی روپ سچدانند جی

۵۴

نہین ترونڈی نہین نکھنڈی نہین برہم چاری | نہین سوندرت نہ جٹا دھاری کا جی
نہین اگن نہین پون نہ پانی نہین ہٹیا کھاری | پشو نہین پورکھ نہین ناری جی
نہین شیو نہین شاکت نہین بشنو نہین آچاری | نہین ہلکا نہین بھاری جی

دوہا

نہین میمانسک نہین جینی نہین اودا سین مت پاؤ | نہین دیو گند ھرب جکش نہین گھن نہین مکھاد

نہین بجلی نہین گھن نہین تارے نہین سورج نہین چند
مرا ہی روپ سچدانند جی

۵۵

نہین شش نہین گرو نہ ماتا پتا نہین بھرا تا | نہین رشتہ اور نہین ناتا جی
نہین بیٹھا نہین کھڑا نہین آتا ہی نہین جاتا | نہین بھوکھا ہی نہین کھاتا جی
نہین لے نہین دھرے نہین دیتا نہین دلواتا | سنجی نہین سوم نہین داتا جی

دوہا

سہین کرم کی ریکھ لیکھ سہین سہین پڑھا جاتا ۔۔ سہین موں ہو رہے سہین بولے سہین بولا تا

۵۶

سہین بچھی سہین پھند کے سہین جال سہین بھیر بھید
مراہی روپ سچدانند جی

سہین ہندو سہین مسلمان یہودی سہین فرنگ ۔۔ سہین کوئی روپ سہین کوئی رنگ جی
سہین بین بانسری سہین کرتال تال مردنگ ۔۔ سہین جلترنگ سہین اوپنگ جی
سہین کلغی سہین طرہ سہین انگھرفنڈا سہین جنگ ۔۔ سہین کوئی سنگ ہی تہار سنگ جی

دوہا

آپی آپ ہین آپ ہی رہا آپی ہین ہیا پ ۔۔ سہین سرگ سہین نرگ ہی سہین پُن سہین پاپ

ہنارسی کہے روپ ہمارا اکھنڈ پرمانند
مراہی روپ سچدانند جی

دیگر

۵۷

ہر ادپر کنواں ادر بیچے جہلکے ڈوری
پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

ڈوری کے ادپر گھرنی چکر کہاوے ۔۔ وہ مدھر مدھر دھن بولے موہے بہاوے
جب تک وہ ڈوری کنوئیں آوے جاوے ۔۔ تب تلک کنواں وہ سہین سوکھنے پاوے

۵۸

اُس کوئیں کے اوپر کھڑی ہزاروں گوری
پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

جب پنہار کوئیں کا رہے او پانی ورسے ۔۔ وہ دیکھے جبکی ڈور لگی رہے ہرسے
جب پنہارن کچھ کام نہ راکھے گھرسے ۔۔ تب امرت جل کو چھکے چھٹے سب ڈرسے

۵۹

وہ نت اٹھ گاگر بھرے بنی رہے گوری
پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

جب الٹا ڈول وہ جانے تو پانی آوے ۔۔ پھر سینچے اپنا باغ امر پھل پاوے
پھر کہا ہے کا ڈول اور کون نہاوے ۔۔ جو پورا جوگی ہووے تو موہے بتاوے

۵۴

اُس کوئین سے کے اوپر نہین سے چلے بر جور ی
پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

اُس کوئین پہ گنگا جمنا سرستی ہین
اور مہادیو امبا شنی پار تبی ہین

نونا تھ چوراسی سدھ اور بال جتی ہین
ناناپرکار کی اُس مین بیل بتی ہین

۵۵

ہر راہ وہان کی تہتر سا نگر کھور ی
پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

لاکھون پنہارن ایک ہی وان پنہارا
اُس پنہارے نے سبکو بھر دی دھارا

جسنے پایا وہ نیر تو جنم سودھارا
سے کہے بنارسی اُسکی گت اپرمپارا

وہ نہاوسے اُس مین جس کا بیتہہ اگھور ی
پانی بھرتی پنہارن چورا چوری

دیگر

۵۱

کیا ہی جھلک دندان مین ہوئی پیارے تیرے مسکیانے سے
برق تڑپنے لگی اختر ہے منہ دکھلانے سے

عجب طلسم ہوا ظالم تیرے اُس پان چبانے سے
مرجان گوہر زمرد نکل پڑے ہر خانے سے

شفق کا دم فق ہوا بہت پھولی تھی وہ سرخی پانے سے
انار کے بھی دانے محتاج ہوگئے دانے سے

۵۲

دیکھ ترے دندانکی جھلک اُٹھ گئے لولال زمانے سے
برق تڑپنے لگی اختر ہے منہ دکھلانے سے

پھول جائین جوہری وہ پرکھنا رتن او بھرن لائے سے
دندان تیرے دیکھ پاوین گر کسی بہانے سے

کتنے ہی گئے ڈوب وہ ساگر مین بھی غوطہ کھانے سے
پر نہین واقف ہوئے وہ بھی ایسے دُردانے سے

۵۳

سوکھ گیا وہ لہو ترے دانتون کی صفت سنانے سے
برق تڑپنے لگی اختر ہے منہ دکھلانے سے

شرمندہ ہوگئے جواہر دانتون کے چمکانے سے
خون او گلنے لگے ہیرے کیا ہو چھپانے سے

دیکھے مرشع ساز تو بھجاے اپنا کام بنانے سے
یہ وہ جرأت ہی جڑی بس خدا کے ہاتھ لگانے سے

[illegible]

آج مجھے ملگیا مزا اس ہنسی مین مقین ہنسانے سے
برق تڑپنے لگی اختر ہے مُنہ دکھلانے سے

ٹکڑے ہوں یاقوت ترے دانتوں کے روبرو آنے سے
پانوں نے بھی پائی لالی اُس ماہ لقا کے کھانے سے
کرے چنبیلی بات یہ اپنے اور بیگانے سے
اسی واسطے وہ بستی مین آئے ویرانے سے

[illegible]

یہ دندان نکلے ہین بے بہا خدا کے سنو خزانے سے
برق تڑپنے لگی اختر ہے مُنہ دکھلانے سے

بنارسی نے کہا حال یہ اپنے من متانے سے
تھک جائیگا او نادان تو لامکان نے جانے سے
ان دندانوں دیکھلے خدا مرے دکھلانے سے
یہین دیکھلے نور دندانین یار کے آنے سے

ایسی صفت دانتون کی کسی سے نبے نہین مرجانے سے
برق تڑپنے لگی اختر ہے مُنہ دکھلانے سے

دیگر

سلہ

پان کی لالی سے وہ جھلک دندان مین ترے لالو کی بنی
لعل بدخشان دیکھ کر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

آج جو تو ہنسکر بولا تو دہن مین وہ دندان چمکے
سنتے ہی یہ صفت سوکھ کر ہوش اُڑ گئے شبنم کے
جگر چھید گیا ہر اک گوہر کا سنو مارے غم کے
کیا طاقت ہو مقابل دندان کے اختر دمکے

[illegible]

ہر اک جواہر کے اوپر پیارے تیرے دندان ہین غنی
لعل بدخشان دیکھ کر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

اگر چنبیلی کو دیکھوں تو اسکا سرخ لباس کہان
جھوٹ نہین بولونگا صنم مجکو کوئی کا پاس کہان
مرجان ٹکڑے ہوا اُسکو جینے کی آس کہان
سچ کہتا ہون مقابل دندان کے الماس کہان

[illegible]

کیا طاقت گر اُنکے روبرو چمک سکے کوئی اور سنی
لعل بدخشان دیکھکر جیسے کھائین ہیرے کی کنی

انھین دیکھکر برق تڑپتی ہے وہ آسمان کے اوپر
کسی سے نسبت کبھی نہ دون نہین لاؤن اس بان کے اوپر
صدقے کر دون شفق کو بھی ان دندانکے اوپر
دندان تیرے جھلکتے ہین وہ لامکان کے اوپر

سم

چال مین چھل بل اشارے ترے نہین آفت سے کم

چہرہ کنول انمول کہ جس سے رشک قمر کو ہووے غم — چشم وہ نرگس کنول سے کھلے ہین گویا باغ ارم

دیکھکے بینی کی تیزی کو ہر اک کا ہو ناک مین دم — غضب سے چٹک ہی ترے نتھنو نکی کہین سطوت سے ہم

رخسار پر چھٹا پسینا جیسے دو دریا سے اگم — بات بات مین دل لگی شیرین سخن اور زبان نرم

سم

ہر اک آن مین جان نکالے اوا عجائب حسن کا یم

چال مین چھل بل اشارے ترے نہین آفت سے کم

اور جو کرون تعریف ترے دندانکی آے لجان دلم — یا وہ گوہر ہے بیش قیمت لعنے ہیرے کی رقم

دیکھ لبو نپر پان کی لالی لالو نکا رتبہ ہو کم — خال ذقن پر عقد ثریا ہوا ختم

چاہ زنخدان دیکھکے تیری چاہ مین ڈوبا کل عالم — قد وہ قیامت کہ جس سے سرو سہی کو ہو ماتم

سم

گلا صراحی دار اور سینہ صاف آئینہ سا او صنم

چال مین چھل بل اشارے ترے نہین آفت سے کم

دست وہ نازک کول کلائی حنا ہتیلی مین ہی رقم — دیکھ وہ سرخی خون دل کتنو نکا ہو وہ مین دم

ناخن وہ گویا ہلال اور نچلی ملائم سب شکم — ناف وہ ساغر کمر چیتے سی وہ زانو تو رکے تھم

دیکھ جھلک قدمو نکی ترے پیر وتین آنکر پڑا ہے ہم — بنارسی کہے مین عاشق ترے نام کا ہون ہمدم

نازکی سے ایڑی تلوے سے تلے ترے پایا آدم

چال مین چھل بل اشارے ترے نہین آفت سے کم

دیگر

سلہ

کوچہ جانان کی دل پہ گر ذرا کسی کے ہوا لگی

رہا پشیمان نہ اسکو تا بہ عمر تک دوا لگی

ادا ہوا جی جان سے جسکو پیاری تیری ادا لگی — گدا ہوا وہ عشق کی دل پر جسکے گدا لگی

سدا انا الحق کہون زبان سے جیسے وہ پیاری صدا لگی — خودی مٹگئی خدا کی یاد دل پر اب خود آ لگی

سم

چوٹ عشق کی جسکے دل پر ذرا لگی یا سوا لگی

رہا پشیمان نہ اسکو تا بہ عمر تک دوا لگی

طلاکردیا مس کو خاک پا تیری اسکو طلا لگی
سلا ہی کیونکر زخم جگر پر جسکے عشق کی سلا لگی

ولا دے اپنا دیدطبیعت تجھسے اسے ولا لگی
ملا خاک مین خاکساری جسکو کا بلا لگی

عشق کے بیمارون کو اور کوئی دوا نہ تیرے سوا لگی
رہا نہ جان نہ اسکو تابہ عمر تک دوا لگی

سم

بلا کرے وترات عشق کی جسکے پیچھے بلا لگی
بلا کردان تلوسے تیرے مجکو یہ چاہ بربلا لگی

بھلا ہو کیونکر وہ جسکو تیغ عشق کی بھلا لگی
چلا لا مکان چال قدمون مین مرے چلا لگی

تو ہی شمع مین پروانہ مجکو تو تری وہ لوا لگی
رہا نہ جان نہ اسکو تابہ عمر تک دوا لگی

سم

انتہا ہی درد عشق کا کہو اسکی کس کو تہا لگی
کتھا چھند دیپی سنگھ نے انھین عشق کی پیاری کتھا لگی

نتھا عشق مین وہ ڈوبا ہرگز اسکی نہ تہا لگی
جتھا دار ہی ہین جو شاعر انھین یہ تیپا لگی

بنارسی کو سوا عشق کے اور بات نہین روا لگی
رہا نہ جان نہ اسکو تابہ عمر تک دوا لگی

دیگر

رہے عمر بھر دریا مین نکلے تو خشک گوہر نکلے
صد آفرین ہے جو میری چشم سے موتی تر نکلے

سم

مژہ کی نوکون پر جسدم وہ اشک ہمارے تل سے نکلے
چشم ہمارے انھین دیکھنے کو جو یہ کھل کھل نکلے

تعجب ہوا جیون خار کے اوپر گل نکلے
اشک جو گلرو نے تو دیدے بھی بلبل نکلے

گر نکلے الماس تو کیا وہ بھی سو کے کنکر نکلے
صد آفرین ہو جو میری چشم سے موتی تر نکلے

سم

کہو مین کیا کیا تشبیہ و دان جو بن نکر آنسو نکلے
مینے کہا ہو اشک مری چشمو نسے جسطرح تو نکلے

ہے وہ دھارتکے گویا قطرے سے بنت جو نکلے
کیا طاقت ہو جو ایسی لڑی بنکے اولو نکلے

کہا جو اہر نکلے تو وہ بھی شامل پتھر نکلے
صد آفرین ہو جو میری چشم سے موتی تر نکلے

سم

وہ ہین چشم خونریز اب اسکے خونکا دعوا کون کرے
اسنے ملے دیدار جو عاشق مشتاق ہین سر پہ مرے
دار پہ چڑھکر بولا منصور کہ اب ہم نہین مرتے
بنارسی کہے ہم ہین سرمد کے پیرون سے سر پھرے

شب و روز ہر وقت جہان سے کتھین ہی ہین پڑے
بین کے مارے تڑپتے ہین کتنے بے چین پڑے

دیگر

سلہ

من کو مار کے بنایا مردہ جب یہہ تن آباد کیا
سین کے کفنی فقیرون نے تو کفن آباد کیا

بستی کو سمجھے جو جنگل صحرا اور بن آباد کیا
لو ہین شعلے نور کے اپنا جلا کے من آباد کیا
مال خزانہ ترک کر فقر کا دھن آباد کیا
آہ سے اپنی مہر اور چرخ کہن آباد کیا

سلہ

سب جیسے کہین ویرانہ سب ہین سلے وہ وطن آباد کیا
سین کے کفنی فقیرون نے تو کفن آباد کیا

گل کہا گلبدن یہہ ہین سلے وہ گلشن آباد کیا
کیکے زبان سے وہ قم باذنی اپنا سخن آباد کیا
جب گلشن سے گلونکا چمن آباد کیا
جلایا مردہ حکم سے اسکا کفن آباد کیا

سہ

جیتے ہی جو مرا انہی سے تو مردن آباد کیا
سین کے کفنی فقیرون نے تو کفن آباد کیا

قم کہا اس دل پر [illegible] آباد کیا
تخت سلطنت چھوڑ خاک پر وہ آسن آباد کیا
دیوانو نکو [illegible] دیوانہ پن آباد کیا
جب آسن سے اندر کا اندھا سن آباد کیا

سع

ترک کیا دنیا کا راستہ اور [illegible] آباد کیا
سین کے کفنی فقیرون نے تو کفن آباد کیا

اشک کے [illegible] آباد کیا
جب ہوا عاشق [illegible] آباد کیا
عشق مین پیدا کیا تخم مین جشن آباد کیا
کہے دیبی سنگھ نام اپنا روشن آباد کیا

بنارسی نے کر کے عشق عاشقی کا فن آباد کیا
سین کے کفنی فقیرون نے تو کفن آباد کیا

دیگر

سلہ

میری آہ کا تیر توڑ گردون کو گیا لامکان تلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہو نہین کہان تلک

ہوا عشق کا زور جب اس دل پر تو مین آہ کری
ساتون فلک کو چیر کر لامکان کی راہ کری
وہان جو دیکھا نور خدا کا اُسنے پاک نگاہ کری
اور جہا نہین نہین کبھی کسی کی نہ پہنچ نباہ کری

صہ

عاشق صادق نام مرا یہ روشن ہی کل جہان تلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہون مین کہان تلک

عجب مزا پایا ہی ہمنے اپنی آہ سوزان کے بیچ
حسن خدائی دکھائی دیتے ہی میری جان کے بیچ
نہین وہ جلوہ ملک مین دیکھا اور حور و غلمان کے بیچ
نہین مہر مین نہین وہ جھلک ماہ تابان کے بیچ

سہ

میری آہ روشن ہی ساتون زمین او کل آسمان تلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہون مین کہان تلک

اسی آہ سے عشق یہ پیدا ہوا اور عاشق نام ہوا
اسی آہ سے جہان مین سارے مین بدنام ہوا
اسی آہ سے ہوا سخن مستانہ مست کلام ہوا
اسی آہ سے وہ پیدا سے وحدت کا جام ہوا

سہ

میری آہ ہی لکھی دیکھو جا کے کلام قرآن تلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہون مین کہان تلک

اسی آہ سے کفر توڑ کے کافر کو مارا ہمنے
اسی آہ سے کیا دشمن پارہ پارا ہمنے
اسی آہ سے پایا وہ دل مین دلبر پیارا ہمنے
اسی آہ سے کر دیا فنا نچ سارا ہمنے

بنارسی کہے جہان وہ حق ہی میری آہ ہی وہان تلک
بے ادبی اب بہت سی ہوئی کہون مین کہان تلک

دیگر

سلہ

ہم عاشق ہین ہمین نہ چھیڑ و چھیڑ کے پچھتاؤ گے تم
آہ سے گردون گر پڑیگا تو دب جاؤ گے تم

گر تم ہمکو چھیڑو گے تو نکلے گی اس دل سے آتش آہ
آہ نکلے گی وہ جس سے کل جہان ہو ویگا تباہ

کہان بھاگ کر جاؤگے تم پھر کہین نہین پاؤگے راہ
جسنے عاشق کو چھیڑا وہ نہین بچا ہر گز واللہ
حق اللہ یہ بات ہے اسکا ہے اللہ ہی گواہ
قسم خدا کی بات یہ کل جہان کو ہے آگاہ

شعر

نہین واجب نہین ہے عاشقونکو زور دکھلانا
اگر تم زور دکھلاؤ تو پھر مست کو ردکھلانا
جو ہووے ناتوان اسکو نہ زور اور شور دکھلانا
جو مانگے عشق سے میدان تو اسکو گور دکھلانا

سہ

عاشق کے دل کو ستانے سے ہرگز نہ چین پاؤگے تم
آہ سے گردون گر پڑیگا تو دب جاؤگے تم

شب و روز ہم آپ مارے پھرتے ہین پھر تمکے مارے
ابھی آہ گر کرونگا تو برسین گے فلک سے انگارے
میری آہ سے ڈرین اولیا پیر پیمبر بھی سارے
ہمین سنا نا تمہین نہین واجب ہے بہت پیارے
کوئی بچیگا نہین مرجاوینگے کل بن مارے
اسی واسطے نہین بھرتا ہون نہین آہونکے نعرے

شعر

ابھی اگر او وقت گردون کل جہان پلٹین اولٹجاوے
یہ موسم سب اولٹجاوے سمان پلٹین اولٹجاوے
زمین اور یہ ہوا اور یہ آسمان پلٹین اولٹ جاوے
ہر اک دریا اولٹ جاوے تبان پلٹین اولٹ جاوے

سہ

ہم تو آپ جلے ہین ہمکو اور بھی جلواؤگے تم
آہ سے گردون گر پڑیگا تو دب جاؤگے تم

چھپیر اشمس پھر ہزار وہ ماتان اتیلک جلتی ہے
اور چھپیرا اسیر بار کو دیکھ ادھر سے ادھر اچھلتی ہے
میری آہ سے شمع ہے روشن آتش تب تک بلتی ہے
وہاں سے آتش دیکھلو اتبک نہین نکلتی ہے
عاشق صادق کے آگے رستم کی نہین چلتی ہے
کافر کو یہ جلادیتی ہے اور مجکو بہلتی ہے

شعر

نکالون دل سے جب کر بابت ہی آہ سوزان کو
گردون مین خاک ساس آہ سے بستی و ویران کو
جلا ڈالون ہزارون کوس تک جنگل بیابان کو
قیامت آہ سے گردون دکھاؤن میں وہ طوفان کو

سہ

چھیڑ چھاڑ کروگے عاشق سے تو گھبراؤگے تم
آہ سے گردون گر پڑیگا تو دب جاؤگے تم

جیسے عاشق کو چھیڑا پھر اُسکا گھر برباد ہوا
دوزخ اُسکو ملی اور وہ بہشت سے بیداد ہوا
یہ ہی سخن عاشقوں کا اسیر جس جس کو اعتقاد ہوا
گیا شہر سے نہیں وہ دنیا مین آباد ہوا
نام اُسکا جہان مین کافر اور جلاد ہوا
دونون جہان مین اُسکا بھلا ہوا دلشاد ہوا

شعر

صدا یہ عاشقوں کی ہی بھلا ہووے بھلا ہووے
اُسی کا نام روشن ہو جو الفت مین جلا ہووے
ادا پر اُسکی یہ دل دیکھیے کسدن ادا ہووے
کہے یہ جیتے دیکھی تشکم مرا دلبر خدا ہووے

بنارسی یہ کہے اگر ناپاک عشق گاؤ گے تم
آہ سے گردون گر پڑیگا تو دب جاؤ گے تم

دیگر

سلہ

خدا تو ہی برحق تو مین بھی حق زبان سے کہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بحر سے رہتا ہون

اگر تو ہی آتش تو مین بھی اُسیکا انگارا ہونگا
گر تو ہی سیماب تو مین بھی صنم پارا پارا ہونگا
طلا جو تو ہی تو مین زیور تیرا پیارا ہونگا
آہن تو ہی تو مین بھی بنا ترا آرہ ہونگا

سہ

جو تو ہی دریاؤ تو مین وہان موج روان ہو بہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بحر سے رہتا ہون

تو ہی تو دم مین دم تو مین بھی آدم کہلاتا ہون
گرچہ تو خاموش ہے تو مین نہین زبان ہلاتا ہون
حسن جو تو ہی تو مین جلوہ تیرا دکھلاتا ہون
تو ہی ہے میرا تو مین اب پیارے ترا کہلاتا ہون

سہ

تو ہی نہین غم کھاوے تو پھر مین جہان مین کسکی سہتا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بحر مین رہتا ہون

تیرا نہین کوئی دین تو میری ذات کا کون ٹھکانا ہے
تو ہی فقیر تو میرا دل فقیر تیرا دیوانہ ہے
سمجھے نہ جانا تو پھر سمجھ کر کسنے پہچانا ہے
تو ہی لامکان تو پھر سے اسکا کو کسنے جانا ہے

سعہ

تو ہی سانولیا ساہ تو پیارے مین فرق ہنسا ہون
آب جو تو ہی تو مین بھی لہر بحر مین رہتا ہون

تو ہی شمس تو مین بھی شمس تبریز جہان مین آیا ہون
گر تو ہی ناپید تو مین بھی نہین کسی کا جایا ہون
مجھ مین تو ہی اور مین تیرے بیچ سمایا ہون
بنارسی کہے جو تو قدرت ہی تو مین بھی مایا ہون

تو نے پکڑا ہاتھ مرا مین بازو تیرا گہتا ہون
اب جو تو ہی تو مین بھی لہر بہر مین رہتا ہون

دیگر

خدا تو گر ہی عشق تو مین عاشق ہون ہر نورانی کا
نشان جو تو ہی تو مین پتلا ہون تجھ لاثانی کا

گر تو راز نہان ہی تو مین پوشیدہ اس تن مین ہون
تو ہی چاہ تو مین بھی ڈوبا پیارے چاہ ذقن مین ہون
تو ہی گلستان تو مین بھی غنچہ اس گلشن مین ہون
بھلا تو تو ہی تو مین بھی ہر دم اسی لگن مین ہون

تیری نہین تصویر سے مجھے کھینچے یہ نہ رتبہ مانی کا
نشان جو تو ہی تو مین پتلا ہون تجھ لاثانی کا

تو ہی پاک تو میرا بھی دل صاف مثال آئینہ ہی
اگر تو دانشور ہی تو دل میرا دانا بینا ہی
جان جو تو ہی تو میرا ترے ہاتھ مین جینا ہی
بلند ہی تو تو میرا ترے بام پر زینا ہی

تو ہی موج دریا تو مین بھی ہون وہ بلبلا پانی کا
نشان جو تو ہی تو مین پتلا ہون تجھ لاثانی کا

تو ہی خدا تو مین بھی ترے سے جدا نہین جی جانا ہون
تو ہی دوست میرا تو مین تیرا یار بھی ہر اک آن لئے ہون
یقین تو ہی تو مین ثابت اپنے ایمان سے ہون
تو ہی تصور تو مین بھی پورا اپنے دھیان لئے ہون

تو ہی لباس ننگ سے مجھے ہی شوق تن عریانی کا
نشان جو تو ہی تو مین پتلا ہون تجھ لاثانی کا

تو ہی ایک تو مجھ سا دوسرا اور جہان کونسا ہی
دیتی سنگھ کہین بغیر ترے میر جہان مین کونسا ہی
کلمہ تو ہی تو میرے سوا قرآن مین کونسا ہی
ناتوانی مین اور طاقت توانئین کونسا ہی

یہی سخن ہی ورد عاشق بنارسی حقانی کا
نشان جو تو ہی تو مین پتلا ہون تجھ لاثانی کا

دیگر

۱ھ
تخم لال یاقوت کی ٹہنی برگ زمرد موتی گل
پھل سے لٹکے مینو سے کے جسمین جو دیکھے سیلیلے بالکل

شبنم ہی الماس کی اُسکے برگ برگ پر پڑی ہوئی
جسکے ہاتھ مین اس درخت کی ایک بھی یار چھڑی ہوئی
ہر اک شاخ کندن اور نیلم کی ہی اسمین جڑی ہوئی
سات بادشاہت سے بھی وہ قیمت اُسکی بڑی ہوئی

۲ھ
اس درخت کے میوے سے ہر دم سے نکلے توحید کی مل
پھل سے لٹکے مینو سے کے جسمین جو دیکھے سیلیلے بالکل

نبی مرصع کی زمین اور فوارے بلور کے ہین
پھنگی ہی پارس کی اسمین رکھوالے سب حور کے ہین
اس درخت کے اوپر بیٹھے ہر اک جانور نور کے ہین
وہ درخت نزدیک ہی اُسکے خریدار سب دور کے ہین

۳ھ
سودا اُسکا سنے وہا ہر گز سے نہ جو کوئی شور و مل
پھل سے لٹکے مینو سے کے جسمین جو دیکھے سیلیلے بالکل

اس درخت کو سب نے تو آب حیات سے سینچا ہی
کسی سے کچھ نہین کام لیا اپنی ہی ذات سے سینچا ہی
بڑی مشقت کری ہی اپنی کرامات سے سینچا ہی
کیا کوئی جانے اسکو کہ کون دھات سے سینچا ہی

۴ھ
ہوا وہ جب تیار تو شیدا اسنا مراسیہ دل بلبل
پھل سے لٹکے مینو سے کے جسمین جو دیکھے سیلیلے بالکل

اُس درخت کے سایے مین ہم ٹانگ پسارے سوتے ہین
جہان پر اپنا دل چاہے ویسے ہی شجر سب بوتے ہین
اگرچہ جائین کہین تو پھر ہم اُسی تخم کو بوتے ہین
نیارسی یہ کہے کہ اُسپر قرآن پڑھتے طوطے ہین

اُس درخت کی ہوا لگے تو جگر کی آنکھین جا دین کھل
پھل سے لٹکے مینو سے کے جسمین جو دیکھے سیلیلے بالکل

دیگر

۱ھ
تخم خدا اور شاخ پیمبر برگ اولیا ولی ہین گل
پھل ہین اسمین فقیر اور سے فرق نہ وہ سمجھین بالکل

اوپر اُسکا بیج ہی اور نیچے اُسکے لٹکین ڈالی
اختر کی شبنم ہی اُسکی برگ برگ پر اوجیالی

ماہ و مہر جو کی دیتے دزات کرین ہین رکھوالی | نقشہ اُسکا نوین ہی جسکی دو جہان مین ہی لالی

اپنے اپنے دین سے کچھی کرین ہین اُس پر شور و غل
پھل ہین اُسمین فقیر پورے فرق نہ وہ سمجھین بالکل
سم

زمین اُسکی آسمان ہی جہان سے یہ کل جہان ہوا | وہان سے ٹیکا نور تو مین بھی اگر پیدا وہان ہوا
فخر ہی اُسکی خوشبو جسنے پائی وہ پھر نہان ہوا | شرح ہی اُسکی طرح طرح داری سے شجرہ عیان ہوا

وحدت کی لذت اُسمین لیتا ہی مرا یہ دل بلبل
پھل ہین اُسمین فقیر پورے فرق نہ وہ سمجھین بالکل
سم

جز اُسکی بابا آدم جس سے اس آدم مین دم ہی | سایہ اُسکی قدرت اور عالم جسکا ایک عالم ہی
ہوا ہی ماما حوا جسے چھو گئی اُسے پھر کیا غم ہی | یاد آلہی جو کہ کرے وہ ان باتون سے محرم ہی

نظر اسیکو آوے جسکی غفلت کا پردہ گیا کھل
پھل ہین اُسمین فقیر پورے فرق نہ وہ سمجھین بالکل
سم

صدا ہی اُسکی قرآن جسنے سنی اُسے پھر ہوش ہوا | دل مین اپنے غور کیا کچھ سمجھ سکے وہ خاموش ہوا
راز اُسی کو کھلا کہ جسکا ذرا ادھر کو ہوش ہوا | زبان سے کچھ نہین کہہ سکتا جو دل مین جنون اور جوش ہوا

بنارسی کہے اُسکے میوے مین تو بھری ہی رحم کی مل
پھل ہین اُسمین فقیر پورے فرق نہ وہ سمجھین بالکل

دیگر

بُرا کیا تو بھلا ہوا چوری کرنے سے شاہ سے نے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندے سے اللہ سے نے
سم

ذات سے ہو بے ذات جو کوئی تو اُسکا وہ دین بچے | شکل شباہت بگاڑے تب چہرہ رنگین بنے
ایمان سے چھوڑے ایمان کو پورا جبھی یقین بنے | لو مین شعلے نور کے جلین تو وہ لولین بنے

زبان کٹی تب بولن لاگے پھولے نین نگاہ سے نے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندے سے اللہ سے نے
سم

کر کے غور دیکھا جسنے تو خدا سے بڑا صواب بنے | لاجواب اگر صنم سے ہو تو خوب جواب بنے

مے وحدت کہتے ہین اُسے جو اشک سے میرے شراب بنے
لذت شیرین سے ملے جب جلکے جگر کباب بنے

بتخانے سے بہشت اور میخانے سے درگاہ بنے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندے سے اللہ بنے

سر کو کاٹ کے دست پہ اپنے رکھتے تو سردار بنے
مال ملک سب ترک کر بیٹھے تو زردار بنے
طائر دل کو کبھی نہ اڑنے دے تو وہ پردار بنے
زندہ اُسکو سمجھتے ہین ہم جو مردار بنے

چلن سے جب بدچلن ہوئے تو لامکان کی راہ بنے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندے سے اللہ بنے

جسے کہین سب حرام ہمنے دیکھا وہی حلال بنے
کھول کے جسنے لگالی سیاہی پھر وہ لال بنے
چوکہ ہوئے پامال جہان مین وہ صاحب کمال بنے
بنارسی کے سخن پر کیا طاقت کوئی خیال بنے

زمین سے ہوگئے آسمان اور اختر سے ہم ماہ بنے
گدا سے ہوگئے بادشاہ بندے سے اللہ بنے

دیگر

ہین عاشق ہون رنج و الم کا گر یہ میرے پاس نہو
مجھ مریض کو تو پھر اک دم جینے کی آس نہو

بے چینی سے الفت ہی بیکلی سے یارانہ اپنا
ہجر ہی اپنا دوست اور وطن ہی ویرانہ اپنا
آہ کی نقدی پاس ہین ہی کھانا ہی غم کھانا اپنا
جینا یہی ہی کس کے اوپر جی جانا اپنا

شعر

فرقت یار وہ کیا کیا مزے دکھلاتی ہی
بے قراری ہی مرے دل کو بہت بہاتی ہی
وصل ہوتا ہی تو وہ بات چلی جاتی ہی
انتظاری سے طبیعت مری گھبراتی ہی

رنگ زرد نہین ہوا اپنا اور چہرہ مرا اُداس نہو
مجھ مریض کو تو پھر اک دم جینے کی آس نہو

جو عاشق صادق ہین اُنکی زیست جانکا کھونا ہی
یہی خوشی ہی جو اُس دلبر کی یاد مین رونا ہی
خاک کے سونے سے بدتر بستا اور چاندی سونا ہی
وضو سے بڑھکر ہمین اشکون سے منہ کا دھونا ہی

شعر

پلک کے آنسو جو رخسار پر ڈھلکتے ہین — تو میری آنکھ مین جو ہر ہر اک چمکتے ہین
یہ مست دونون ہین اور دو جہان کو تکتے ہین — دو واسطے دید کے ہین اب یہ کب جھپکتے ہین

جور و ظلم اور جفا مین اپنا درست ہوش و حواس نہو
مجھ مریض کو تو پھر اک دم جینے کی آس نہو

سہ

پیاس ہماری بجھتی ہے اس خون جگر کے پینے سے — واقف ہوا ہون مین اپنی جیاہ کے ذرا قمر پینے سے
کام نہین کا تبے مجھے نہین سکے اور مدینے سے — اور نہ آرزو ہمین مرنے کی نہ مطلب جینے سے

شعر

آتش عشق سے جلکے جگر تر ہوتا ہے — زیر سایے سے شبنم کے یہ زبر ہوتا ہے
اوسکے جبری سے دل ہرگز نہ خبر ہوتا ہے — نفع ہے عشق مین یہ ہی جو ضرر ہوتا ہے

گرچہ قتل نہین ہووین ہم تو کام عشق کا راس نہو
مجھ مریض کو تو پھر اک دم جینے کی آس نہو

سہ

درد ہمارا دلبر ہے ہر وقت اسی سے یاری ہے — بے دردون سے کبھی اپنی کچھ نہین گلہ گذاری ہے
سولی پر منصور نے وہ انا الحق سدا پکاری ہے — جان گئی تو بلا سے نام تو اُسکا جاری ہے

شعر

عشق بازی مین اگر جان کی بازی ہو جاسے — تو طبیعت یہ مری خوب سی راضی ہو جاسے
چاہیے ہمپر ہو جفا یا دغا بازی ہو جاسے — رضا مین راضی ہین اُسکے جو وہ راضی ہو جاسے

نبارسی کہے اگرچہ میرا مرشد دہی داس نہو
مجھ مریض کو تو پھر اک دم جینے کی آس نہو

دیگر

کہا یہ مجھسے رنج نے گرچہ عاشق میرے پاس نہو
تو دنیا مین عاشقی عاشق کی پھر راس نہو

سلہ

عشق ہے میرا مکان اور مین رہتا ہون اُسی کے خانے مین — وہ نہین عاشق کہ جسکا دل رہو دو ستانے مین

تیر مین کیا ہی لطف مزا ملجاے جو رہو نشانے مین
سو گیا مجنون اور وہ طاقت نہی رہی ستانے مین
بستی مین نہین گذر عاشق ہین مست ویرانے مین
ابتک جسکا نام روشن ہی سفوز مانے مین

شعر

ہی کہان تکلیف وہ تلوون مین جو چبھتے ہین خار
رنج یہ کہتا ہی عاشق وہ کرے جو جان نثار
ہنس پڑا منصور تو شرماگئی اس جا پہ دار
ہر قدم پر تیر ہو پر دل مین ہو وے ذکر یار

۵۲

چوٹ نہ عاشق سہے اور اپنا خون پینے کو پیاس نہو
تو دنیا مین عاشقی عاشق کی پھر راس نہو

دم بھر کا ہی رنج اور پھر راحت ہی قیامت تک پایا
رنج یہی کہتا ہی جو عاشق پکا ہو تو ادھر کو آ
سر کو کاٹ کر سرمد نے جسوقت ہتیلی پر رکھا
اٹھالے سر پر الم تو دیکھے لطف اسمین کیا کیا
ظلم سے مطلق نہ ڈرا اور خوف نہ اپنے دل مین کھا
اسی وقت سے نام مطلق نہ بادشاہ کا رکھا

شعر

کر دیا تختہ تباہ دہلی کی اب اڑتی ہی دھول
دیکھیے اب اس گلستان مین وہ کب آ دینگے پھول
کیا خطا سرمد کی تھی تھی شاہ کی مطلق یہ بھول
گر کرے یہ غرض عاشق تو خدا کو ہو قبول

۵۳

رنج نے یہ فرمایا عاشق کو سیہ اکچھ پاس نہو
تو دنیا مین عاشقی عاشق کی پھر راس نہو

آرے سے چرجائین نہین گھبرائین جو عاشق ہین پکے
کبھی نہ نکلین مکان سے گر وہ لاکھ وضع کے دین دھکے
جیسے جواری ہار کے جو رد ہو جاوین ہین بھوسکے
سینہ سامنے کرین دلبر جو چوٹ مارین تک تکے
در یار کو چھوڑ نہین جائین وہ کعبے ادر سکے
تو بھی اپنی زبان سے کہا کرین وہ پو چھکے

شعر

عشق مین بازی ہی سر کی کام دولت کا نہین
جسنے اپنا سر نہ بیچا کچھ مزا چکھا نہین
اس سے بہتر کھیل جینے اور کوئی دیکھا نہین
عاشقون نے جیتے ہی جی تن بدن رکھا نہین

۵۴

لاکھ وضع کے صدمون مین گر درست ہوش و حواس نہو
تو دنیا مین عاشقی عاشق کی پھر راس نہو

خاک مین گرملجاوین گورسے گل ہوکرکے نکلتے ہین
روشن ہون کل عالم مین جو کھڑے عشق مین جلتے ہین
دیبی سنگہ کے سخن پہ شاعر ہراک ہاتھ کو ملتے ہین

عجب ہین عاشق مرگ کے بعد بھی پھولتے پھلتے ہین
انکھین دیکھکر جو تیمر ہون تو وہ بھی نکھلتے ہین
چارون طرف سے واہ واکرین اور بہت اچھلتے ہین

شعر

یہ کلام معرفت ہی رنج سے راحت ملے
غم اگر کھائے تو اسکو روز نعمت ملے

جو کہ ڈوبا چاہ مین تو پھر اسے چاہت ملے
دید اُس دلبر کی جیتے جی اور نا قیامت ملے

رنج یہ بولا بنارسی سے گر تو ہمیرا داس نہو
تو دنیا مین عاشقی عاشق کی پھر راس نہو

دیگر

۵۱

باغ باغ ہوا باغ آپ جب آئے باغ ارم کے بیچ
پھول پھول کے گرپڑے ہراک پھول ہر قدم کے بیچ

زلف مسلسل دیکھ پیچ مین آیا سنبل چمن کے بیچ
پھول رہی ہی پھلواری وہ پیارے تیری پھین کے بیچ

نین کے تیرے شرم دی نرگس کالے ہرن کے بیچ
قد پر صدقے کردن مین سرو سہی گلشن کے بیچ

شعر

کرون لب پر تصدق لال گل لالے کے دو ٹکڑے
اگرچہ مسکرا کے اور کرے کچھ بات تو ہنس کے

اور دندان سو تیا دیکھے تو اُسکی آب سب اوترے
تو ہووے بیکلی ہر اک کلی پھولے کھلین غنچے

۵۲

کون وہ ہی خوشبو جو لبی ہی نہین ترے دم قدم کے بیچ
پھول پھول کے گرپڑے ہراک پھول ہر قدم کے بیچ

رخسارون کو دیکھ گلے گل گلاب تیری لگن کے بیچ
بھرا ہوا ہی چاہ حسن کا اُنکی چاہ ذقن کے بیچ

صدا سُنتے تو ڈھنے مہر طوطی آگ لگے اگن کے بیچ
ڈوب گیے ہم نہ دہشت کری ذرا اس شکنجے بیچ

شعر

فدا دل ہی گل رخسار سے او پر ہراک گل کا
مچین وہ تہقہے اور شہے نخل ہو تجمل کا

دکھا یاد بھاری اور پلادے جام اس مل کا
کھلین پر بال قمری کے کھالے مان بلبل کا

سطہ

شاخ شاخ ہو ہری شجر کی لگے قلم ہر قلم کے بیچ
پھول پھول کے گر پڑے ہر اک پھول ہر قدم کے بیچ

نظر پڑی جسوقت گلستان کی تیرے پیرہن کے بیچ
وہ ہی نزاکت آپ مین ہیوے کہان جوہی یاسمن کے بیچ

چاک گریبان کیا غش کھا کے گرے گل دھرن کے بیچ
بن بن کے سب پھول پھوٹے بین ترسے جوبن کے بیچ

شعر

ہوا ہر خار چمن کا دیا تھ سر لو سے
صفت مین کسطرح تیری کرون کان مو سے

جھک آنے لگی الفت کی وہ تجھ گلرو سے
خار کی بات نہ تو نے کبھی کری مو سے

بطہ

لگی چاٹنے تلوے تیرے آلی تری شبنم کے بیچ
پھول پھول کے گر پڑے ہر اک پھول ہر قدم کے بیچ

مرحبا یا دل ہرا ہوا ہولی گلزاری گلبدن کے بیچ
جھک جھک کے سب گر پڑ ڈالیان سجدہ کر خزان کے بیچ

خزان کا بالکل نام نہین رہا گا نکے وطن کے بیچ
کہے دیبی سنگھ خیال توحید معرفت سخن کے بیچ

شعر

کھلا نقشہ مرے دلبر یہ وہ تیری صفائی کا
کسی کو تاج بخشا اور کسی کو تخت شاہی کا

لبنی تصویر آنکھون مین اور ہے جلوہ الٰہی کا
گدائی ہمکو دی جسمین دیا دعوی خدائی کا

نیارسی کے غضب جھلک ہے ترے قد کے پدم کے بیچ
پھول پھول کے گر پڑے ہر اک پھول ہر قدم کے بیچ

دیگر

سلہ

کوچۂ جانان مین گر کوئی دھر کے ذرا قدم نکلا
پھر وہ نہ نکلا اسی کوچے مین اسکا دم نکلا

یہ ہے راستہ سخت گر کوئی اسمین ناگہان آن پڑا
کہین طپش مین تپے کہین کانٹو نکا نظر میدان پڑا

جان بوجھ کے پھر وہ دیتا ہے اسی مین جان پڑا
قدم قدم پر اب ہمکو لطف عشق کا جان پڑا

شعر

ہمین گلشن سے بھی بہتر ہین عشق کے کانٹے
یہ فرش خار کے تحفہ ہین سمجھے مخمل سے

کھون مین کس سے شہ کون عشق کے قصے | جو دیکھے حال ہمارا تو قیس بھی رو دے

رہا وہان کا وہین دیکھنے جو اپنا ہمدم نکلا
پھر وہ نہ نکلا اُسی کوچے مین اُسکا دم نکلا ٣٢

مرا چاہ کا جسنے دیکھا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا | بحرِ عشق مین جو تیرا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا
اشک چشم سے جسکی بہتا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا | چاہ ذقن پر جو شیدا ہوگا وہ ڈوبا ہوگا

شعر

بحر الفت کا کسی کو بھی کنارا نہ ملا | یا خدا تا خدا کا وہان پہ اشارا نہ ملا
کشتی ہر گز نہ ملی کچھ بھی سہارا نہ ملا | مقام مطلق نہ ملی دم بھی گذارا نہ ملا

لگا نہ پھل بیڑا اُس جا پر سے نہ کوئی آدم نکلا
پھر وہ نہ نکلا اُسی کوچے مین اُسکا دم نکلا ٣٣

عشق کو جو دیکھا تو کھڑا ہی پیرے سر پر دار لیے | حسن کو دیکھا تو وہ دھمکاتا ہی تلوار لیے
زلف بھی کہتی ہے کہ مین نے کتنے ہی عاشق مار لیے | چشم اشارے کرے مین جادو کے ہتیار لیے

شعر

کون اس قتل کے میدان سے نکلیا دیگا | کس طرح کاکل پیچان سے نکلیا دیگا
نہ کوئی عشق کے طوفان سے نکلیا دیگا | نہ نکلیا دیگا گر جان سے نکلیا دیگا

تان کے ابرو کو جبپر وہ لیکے تیغ دو دم نکلا
پھر وہ نہ نکلا اُسی کوچے مین اُسکا دم نکلا ٣٤

قتل ہوا وہ جسنے اس میدان مین آکے قدم مارا | گرا زمین پر نہ اُسنے آہ کی اور نہ دم مارا
اُسکے حسن کے عالم نے ایک عالم کا عالم مارا | کہے دیبی سنگھ گیا مین بھی اسمین اُسدم مارا

شعر

عشق نے دار پہ منصور کو چڑھایا ہے | حسن نے پارسے کوہ طور کو جلایا ہے
نور نے جسکے ہر ایک نور کو بتایا ہے | شور اُسنے ہی شور کو بتایا ہے

بنارسی کر ترک جہان کو سیدھا راہ عدم نکلا

پھر وہ نہ نکلا اُسی کوچے سے اُسکا دم نکلا

دیگر

سلہ

زلف سیہ سے مار سیہ ہین چشم سے لالی گل مین ہی
نقشہ قد کا قیامت دھوم یہ عالم کل مین ہی

سر سے ہے پیدا رستے پیشانی سے جلوہ خورشید
ابرو سے کی کمان اور پیدا ہوا فلک پر ماہ عید
چین جبین کی وہ ہی تکبیر نہ جسکی دید و شنید
غنچہ تیران نے پائی بار دم کیا لاکھون کو شہید

شعر

ہی قرآن مین وہ جو بسم اللہ ابرو سے ہی
اور صفت کیا اُنکا کرون مین کچھ کہا جاتا نہین
اور علی کی تیغ بھی واللہ ابرو سے ہی
جو چلا جھک کے تو اُسکی راہ ابرو سے ہی

سلہ

پھر گل کا چرچا گل رعنا بھی تو ہر بلبل مین ہی
نقشہ قد کا قیامت دھوم یہ عالم کل مین ہی

مژہ سے پیکان بنے اور نشتر چبھنے رگ جان پر آکر
نگہ سے وہ تلوار چلی سو لگی نیمجان پر آکر
تھا دل بھی اُسدم کھٹکنے لگے مژہ سے دان پر آکر
آہ بھی مطلق نہ ٹھہری میری زبان پر آکر

شعر

ہی بہشت وہ تیری چتون مین اسے رشک قمر
لگ گئی جس شخص کی وہ آنکھ تیری آنکھ سے
ہو رہا جس سے جہان کے بیچ مین جادو سحر
پھر اُسے تیرے سوا کچھ بھی نہین آتا نظر

سلہ

وہی ذکر صنم نسلے مین اور وہی صدا قلقل مین ہی
نقشہ قد کا قیامت دھوم یہ عالم کل مین ہی

بنی ہے بنا الف تیرے مُنھ سے وہ پیدا نور ہوا
لب لعل سے بنے یاقوت وہ وہین ہویدا ہوا
جسکی جھلک سے گرا موسی اور خاک کوہ طور ہوا
اور دندان سے بنے گوہر تو کیا ہی ظہور ہوا

شعر

ہی جھلک ہیرون مین اسے پیارے تیرے دندان کی
اور زبان سے برگ گل پیدا ہوا رنگین وہ
برق بھی چمکی وہین دانتون مین تیری شان سے
ہر سخن شیرین ترا نکلا ہی کیا ہی آن سے

ٹیک

بادِ صبا کہتی ہے یہی اور یہی ذکر ہر گل مین ہے
نقشہ قد کا قیامت دھوم یہ عالم کل مین ہے

چاہِ ذقن سے عاشق صادق کے دل مین وہ چاہ پڑی — لگا جھانکنے کوئین جس جس کی ادھر نگاہ ہوئی
گلے سے بینا بنا صراحی بھی اُسکے ہمراہ ہوئی — کہے دیتی سنگم صفت کس سے تیری اللہ ہوئی

شعر

تھک گئے لاکھون ہی شاعر کر کے سب تیرا بیان — پر نہ پایا راز تیرا تو تو ہے رازِ نہان
کسکی طاقت ہے جو ہو آگاہ تیرے حسن سے — ایک جھلک مین گر پڑا موسیٰ بھی ہو کر ناتوان

بنارسی نے یہی لکھا کب کا شعلہ رنگ گل مین ہے
نقشہ قد کا قیامت دھوم یہ عالم کل مین ہے

دیگر

سلہ

عاشق مین ہون اُس گل کا جس گل پر فدا ہین سارے گل
بہار مین بھی نہ جسکے نام خزان کا ہے بالکل

سدا رہے سر سبز وہ اُسکی جھک سے مستانہ پن ہو — دیدار اُس گل کی کرے تو دل مین دیوانہ پن ہو
ادا سے اُس شمشاد کی عاشق مین بھی عاشقانہ پن ہو — کیون نہین غنچے کھلین جب اُسمین مسکرانہ پن ہو

شعر

بنا لے کیون نہ اُس گلشن مین قمری آشیان اپنا — گلِ گلزار گلرو ادر جہان ہو باغبان اپنا
نہین صیاد کا کچھ ڈر نہ مطلق خوف جان اپنا — مکان ہے لامکان اپنا نشان ہے بے نشان اپنا

سٹہ

غنچے بھی یہی چٹک چٹک کے کرین چمن مین شور و غل
بہار مین بھی نہ جسکے نام خزان کا ہے بالکل

پیچ سے زلفِ سیہ فام سے دام عشق بچھان نچاہے — مشک ختن بھی مہک زلفون سے وہ پریشان کیا ہے
بال سے آئے وبال سنبل پر جو زلف پیچان بچاہے — نافۂ آہو کا منہ کالا ہو گھاس پر بان بچاسے

شعر

پڑے سے جیو مردہ اُسکے رخنہ زلفون کا جو منہ کھولے — تو عشرت کا ہنڈولا دیکھکر کھائے زم جھولے

اور کاکل سنبل کالا نہ منہ سے اپنے کچھ بولے
یقین یہ ہی کہ پیچ کے لیے اپنے زہر گھولے

ٹیک

زلف عنبرین ہی یا سوسن گل ہو تری کاکل کا گل
سہار مین بھی نہ جسکے نام خزان کا ہی بالکل

چشم سے نرگس شرمندہ ہو سر کو جھکا کے کھڑا رہے
آنکھ اُس گل سے کبھی مطلق نہ ملا کے کھڑا رہے
قد سے سرو صنوبر گلشن مین گڑ جا کے کھڑا رہے
دہن سے غنچہ تنگ ہو کے شرما کے کھڑا رہے

شعر

صبا آئی دیکھ کر اُسکی سمن سینا ہو گلشن مین
وہ نازک پن نہ جو ہی مین جو کچھ ہی یاسمن مین
شباب دیکھے بیلی کو تو خون اوگلا کرے من مین
صدا اُسکی سنے طوطی تو پھر پچھتا کے کوئی بن مین

ٹیک

شاخ شاخ پر یہی چہچہے کرتا ہی شیدا بلبل
سہار مین بھی نہ جسکے نام خزان کا ہی بالکل

رشک چمن گلبدن کو گل دیکھے تو گریبان چاک کرے
بہار گلستان کا وہ اکدم میں دم ناک کرے
گر چہ کوئی مرغان چمن جو اُس سے محبت پاک کرے
پھر عشق کا خدا اُس عاشق کو پیدا کرے

شعر

صبا آئی جو گلشن مین تو اُسکی کیا بن آئی ہی
نہین واقف تھی جس بو سے وہ سب اُس مین سمائی ہی
نہ مطلق خار گلشن مین نہ کچھ گل کی برائی ہی
نہین گل مین لگا وہ بل وہان جلوہ خدائی ہی

تمہارے کو اُس گلرو نے پلا دیا وہ جام مل
سہار مین بھی نہ جسکے نام خزان کا ہی بالکل

دیگر

ٹیک

زلف کو تیری مار کہے تو مار مار سے کٹواؤن
سنبل پیچان کہے تو پیچ مین مین اُسکو لاؤن

قد سے سرو کی نسبت دے تو کھود کے اُسکو گاڑون تہ زمین
اگر صنوبر کہے تو چمن سے ابھی اُجاڑون مین
مثال سے نسبت جو فیل کی لات سے اُسے پچھاڑون مین
نخل مرجان کہے تو دست سے ابھی اُکھاڑون مین
کاکل کو گر دام کہے تو پیچ مین اُسکو الجھاؤن

سنبل پیچان کہے تو پیچ مین مین اسکو لاؤن — ۵۳

چشم کو نرگس جو کہے تو انکہہ کو اسکی پھوڑوں مین
دہن کو غنچہ کہے تو اسکے منہ کو پکڑ مروڑون مین
دندان کو گوہر کہے تو دانت سب اسکے توڑوں مین
جان کے نسبت یہ دے تو جان نہ اسکی چھوڑوں مین

اگر تری کاکل اسے لجھے تو کیو نکر اسکو سلجھاؤن — ۵۳
سنبل پیچان کہے تو پیچ مین مین اسکو لاؤن

زلفون کو تیرے سیاہ کہے تو کتون مین لٹکاؤن مین
گال کو بیبا کہے تو گردش اسکی بھی دکھاؤن مین
پیشانی کو کہے خورشید تو اسے گھماؤن مین
بینی کو گر الف کوئی لکہے تو اسے مٹاؤن مین

گیسو کو کہے گھٹا تو اسکا گھٹا کے رتبہ مین آؤن — ۵۴
سنبل پیچان کہے تو پیچ مین مین اسکو لاؤن

زبان کو تیری کہے برگ گل اسکی زبان نکالون مین
سینے کو کہے آئینہ تو اسے نہ دیکھون کھالون مین
ہلال ابرو کہے اسکے ٹکڑے کر ڈالون مین
کمر کو تیری اگر مو کہے تو اسے چھپالون مین

بنارسی کہے ترے بال کی کہین بھی نسبت سن پاؤن
سنبل پیچان کہے تو پیچ مین مین اسکو لاؤن

دیگر

رنج کو ہم راحت سمجھے اور درد کو ہم دلبر سمجھے — ۵۱
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی کو زر سمجھے

الم کو سمجھے عیش اور مرنے کو زندگانی سمجھے
جھوٹ کو سچ سمجھے لباس کو تن کی عریانی سمجھے
جفا کو سمجھے وفا ٹھگی کو مہربانی سمجھے
آب کو ہم سمجھے آتش آتش کو پانی سمجھے

زہر کو سمجھے زہر اور کمزور کو زور آور سمجھے — ۵۲
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی کو زر سمجھے

مردے کو زندہ سمجھے اور ستم کو ترا رحم سمجھے
بدی کو سمجھے نیکی دشمن کو اپنا ہمدم سمجھے
جہان کو سمجھے فنا ہر دم کو ملک عدم سمجھے
جہان یہ سمجھے وہان پر ہم تو وہی صنم سمجھے

نادان کو دانا سمجھے اور فکر کو اپنا فخر سمجھے

ٹیپ — غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی کو زر سمجھے

گل کو سمجھے داغ داغ کو ہم اب گلدستا سمجھے
زخم کو گل لالہ سمجھے اور رونے کو ہنستا سمجھے
اُجاڑ سمجھے شہر کو اُجڑا کو بستا سمجھے
دیوانون کو عقل اور سٹری کو ہم مستا سمجھے

ٹیپ — آہ کو سمجھے یاد یار کی اشکون کو گوہر سمجھے
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی کو زر سمجھے

مار کو سمجھے پیار یار کی گالی دہی دعا سمجھے
عشق کو ہم عاشق سمجھے معشوق کو وہی خدا سمجھے
بیجا کو ہم بجا سمجھے اور مرگ کو شفا سمجھے
کیا کوئی سمجھے جو ہم سمجھے وہ اور کوئی کیا سمجھے

بنارسی کا ہر اک سخن عاشق کا خون جگر سمجھے
غم کو اپنی غذا سمجھے اور مفلسی کو زر سمجھے

دیگر

ملان — چاہ کو سمجھے چاہ ذقن زنجیر کو ہم زیور سمجھے
خاک کو سمجھے پیرہن زمین کو فرش تر سمجھے

صبر کو سمجھے شکوا اور ناتوانی کو طاقت سمجھے
تلخ کو سمجھے شیرینی ما مین زہر کو ہم امرت سمجھے
خار کو سمجھے چمن اور ہجر کو ہم الفت سمجھے
سنگ کو سمجھے موم اور آفت کو غنیمت سمجھے

ٹیپ — دار کو سمجھے یار کا زینہ تیر کو تیری نظر سمجھے
خاک کو سمجھے پیرہن زمین کو فرش تر سمجھے

صبح کو سمجھے شام شام کو اب ہم پروانہ سمجھے
وحشت کو وحدت سمجھے رونے کو تان گانا سمجھے
ماہ کو سمجھے مہر اور دھوپ شامیانہ سمجھے
گبر کو سمجھے مسلمان موت کو جی جانا سمجھے

ٹیپ — مکان کو اپنے سمجھے لامکان صنم کا کوچہ در سمجھے
خاک کو سمجھے پیرہن زمین کو فرش تر سمجھے

ظلم کو سمجھے بت خونخوار کو ہم خوبان سمجھے
قیامت کو دنیا سمجھے قاتل کو اپنی جان سمجھے
تیغ کو سمجھے ہم ابرو نشتر کو مژگان سمجھے
قید کو سمجھے رہائی خزان کو باغ جہان سمجھے

رسوائی کو عزت سبے توقیری بڑا وقر سمجھے

خاک کو سمجھے　　پیرہن زمین کو فرش تر سمجھے
۵۴

خوف کو سمجھے خوشی اور حیرانی کو سیر عالم سمجھے
گدا کو سمجھے شاہ　　گردش کو فضل و کرم سمجھے
دوزخ کو سمجھے بہشت اور پاپ کو بڑا دھرم سمجھے
اور جہان کوئی نہین سمجھے جو کچھ وہ ہم سمجھے

دیبی سنگھ کہنے بنارسی کے سخن کو کون شر سمجھے
خاک کو سمجھے　　پیرہن زمین کو فرش تر سمجھے

دیگر

عشق ہی خانۂ رنج پر اس خانۂ رنج مین راحت ہی
لطف اسی کو　　ہو حاصل جسے عشق کی چاہت ہی
۵۵

عشق مین جی جانا جسنے سمجھا ہی یہی جی جانا ہی
جانا جانان کے در پر جان ہتھیلی پر جانا ہی
الفت مین رسوا ہوتا سب ہی آبرو پانا ہی
نادان کو دل　　دیا جس جس نے وہ عاشق دانا ہی

شعر

پھنسے تو عشق کے پھندے مین وہ دنیا سے گل چھوٹے
مرے لوٹے انکھون نے جنکے سب گھر در کئے لوٹے
ہمین وہ خار دیتے ہین جو گلشن مین ہین گل بوٹے
کھٹکتے ہین مرے دل پر وہ کانٹے لگ کے جو ٹوٹے

عشق کے بیمارون کی روشن عالم بیچ شباہت ہی
لطف اسی کو　　ہو حاصل جسے عشق کی چاہت ہی
۵۶

جگر جلانا عاشق کے حق مین یہ بڑی تراوٹ ہی
آتش غم سے　　اب اپنی آنکھون پر لگاوٹ ہی
تن کی عریانی کو سمجھے یہ خوب سجاوٹ ہی
عشق مین بگڑین جو عاشق انکی ہی بناوٹ ہی

شعر

ہوا جو عشق مین مفلس وہی زردار ہوتا ہی
کٹا کے سر جو الفت مین وہی سردار ہوتا ہی
جو دل کو چھین لے دلبر وہی دلدار ہوتا ہی
اور آنکھین بند کر دیکھے اسے دیدار ہوتا ہی

زور آور ہی وہی عشق مین جو کم ہو اقاہت ہی
لطف اسی کو　　ہو حاصل جسے عشق کی چاہت ہی
۵۷

قید جہان سے چھوٹے وہی جو دام محبت مین آ پھنسا
نکلے دوزخ سے وہ عشق کی آتش مین جا دھنسا

کسی کے بس مین کبھی ہو گر وہ دلبر دل مین آ بسجائے
کرے اُسی سے رسائی کبھی نہ حسن گل کا رس بجائے

شعر

محبت مین جو دل آنجھے وہی بے فراغ ہوتا ہی
نفع ہوتا ہی اُسکو جو کہ زر الفت مین کھوتا ہی
وہ ہنستا ہی سدا جو اُس صنم کے غم مین روتا ہی
ملائے تن کو مٹی مین وہ اپنے من کو دھوتا ہی

مزا عشق کا یہی کبھی راحت ہی کبھی کراہت ہی
لطافت اُسی کو ہو حاصل جسے عشق کی چاہت ہی

غم کھانا عاشق کے حق مین یہ نعمت سے بہتر ہی
ہر اک مکان ہی اُسکا جب کا کہین نہ گھر در ہی
اُسے خوف نہین کسیکا ہی جسکو اس دلبر کا ڈر ہی
اپنے آپ کو جو پہچانے وہی اللہ اکبر ہی

شعر

پڑھے نہین علم کا دفتر الف ہی لے نہ ہم سیکھے
نہ تختی ہاتھ سے پکڑی نہ کچھ چھونا قلم سیکھے
فقط اس عشق کے مکتب مین ہم نام صنم سیکھے
سوا الفت کے اور کچھ نہین اپنی قسم سیکھے

دیبی سنگھ کہے بنارسی کے سخن مین بڑی فصاحت ہی
لطف اُسی کو ہو حاصل جسے عشق کی چاہت ہی

دیگر

جدھر کو دیکھون اُدھر روشنی آفتاب کی تمام ہی
پیون نہین مے کیونکر زندہ رہون مرا یہ کلام ہی

چشم نہین ہین یہ خدا نے آپ کا بے جام دیئے
تجھے دیدے کے پیالے بھر کے برسر عام دیئے
پیلی وہ بادہ صبا اسقدر با تم ہمارے تمام دیئے
تو بھی پری پیکر نے مرے منہ لگا وہ انگھون جام دیئے

کہے جو اسکو حرام اُسکا کھانا پینا حرام ہی
پیون نہ مین مے کیونکر زندہ رہون مرا یہ کلام ہی

ایک طرف آتش جگر کے اور ایک طرف بارش آب ہی
میرے دل کے میخانے مین دونون طرح کا حساب ہی
جگر مین شعلے اُٹھے اور چشمون سے ٹپکے شراب ہی
زبان یہی کہتی ہی مری لذت اسکی لاجواب ہی

کل جہان مین سنا ہو تم نے مستانہ میرا نام ہی

۳ سہ

پیوں نہ میں مے کیونکر زندہ رہوں مرا یہ کلام ہے

دل میں غرور سے دیکھا تو پھر دور ہمارا آیا ہے
دیکھ مری بدمستی کو محتسب نے یہ فرمایا ہے
آج ہمیں ساقی نے دوبارہ ساغر آپ پلایا ہے
یہ جوش وحشت کہاں سے تیری نظروں میں سمایا ہے

۲ سہ

کہا یہ ہمنے آنکہ ہماری مے وحدت کا گلفام ہے
پیوں نہ میں مے کیونکر زندہ رہوں مرا یہ کلام ہے

سنا سخن محتسب نے یہ تب اُسکے دل میں ہوش ہوا
چڑھا نشہ عشق کا اُسکو جہان سے وہ بیہوش ہوا
یا تو منع کرتا تھا مجھے یا ابھی وہ مینوش ہوا
کہا پیونگا مے ہر دم اتنا کہکر خاموش ہوا

بنارسی کہے ہمیں تو اس دارو کا پینا مدام ہے
پیوں نہ میں مے کیونکر زندہ رہوں مرا یہ کلام ہے

دیگر

ا سہ

آتش عشق کی بھڑک رہی ہے اس دل کے سینچانے میں
مے محبت پلا دے ساقی الفت کے پیمانے میں

یکتائی کا عالم ہوا اور وحدت کا ہو رنگ بھرا
نعم کی ہووے غذا ساتھ میں وہ خاصہ ہو پاس دھرا
تخم گل کی ہو خوشبو جسمیں وہ شراب تو پلا ذرا
اور معرفت کا ہو پینا کرامات کا کام کرا

۲ سہ

آفتاب کی ہووے روشنی میرے دل دیوانے میں
مے محبت پلا دے ساقی الفت کے پیمانے میں

مستی کا ہو سرور ہر دم باد صبا بھی چلتی ہو
بجے میں اور رباب اور کافوری شمع بھی بلتی ہو
اور گلاب موسم ہو ہر گل سے مہک نکلتی ہو
جس محفل کو دیکھ کے ہر محتسب کی چھاتی جلتی ہو

۳ سہ

بھڑک اُٹھے شعلہ نور سہلاو میں میرے شانے میں
مے محبت پلا دے ساقی الفت کے پیمانے میں

پاس ہمارے دلبر ہو پھر اور صدا ئے قلقل ہو
شیشہ ساغر صراحی بھی ہو گلستان و غنچہ و گل ہو
جوش جنون بھی دل میں ہو قہقہا بھی ہو شور و غل ہو
ہاتھ میں ہو دلبر کا ہاتھ ہر بات میں وہ ذکر مل ہو

کباب کی لذت ہوئی حاصل اپنا جگر جلانے میں

۵۴

مے محبت پلاوے ساقی الفت کے پیمانے میں

دیدار ترا دارو سے شفا ہو جیسے پلا وہ مست ہوا
چاند سا چہرہ دیکھتے ہی تیرا وہ سورج مست ہوا

پہ مستوں میں شیخ جیکے بنارسی المست ہوا
دستگیر وہ ہوا کہ جبکا تیرے دست میں دست ہوا

کہے شیخ بنارسی نالہ مزا ہو عشق و معرفت گانے میں
مے محبت پلاوے ساقی الفت کے پیمانے میں

دیگر

سلہ

پان کی لالی سے جو مرے وہ دلبر کے لب لال ہوئے
لعل بدخشان سے بھی بہتر پیدا اب لعل ہوگئے

کاکل سے کالے ہوئے پیدا زلف سے افعی مار ہوئے
ابرو سے خم کھا کھا کے خنجر بچھو خمدار ہوئے

پیشانی سے نور ٹپکتا تو ہر شمشیر میاں ہوئے
اور مژگان سے تیر پیکان نشتر ہر کار ہوئے

شعر

چشم سے پیدا ہوا نرگس ہر اک گلزار میں
ہر وہ جلوہ قدرتی دونوں ترے رخسار میں

اور وہ بینی سے الف کھینچا گیا ہر کار میں
جس سے روشن چاند اور سورج ہیں اس کار میں

۵۴

پان کی رنگت پاکر دندان گوہر سے جب لال ہوئے
لعل بدخشان سے بھی بہتر پیدا اب لعل ہوئے

زبان سے پیدا قرآن ہوا اور عقل سے علم ہزار ہوئے
گلے سے بنی صراحی گلشن تیرے گلے کے ہار ہوئے

چاہ ذقن سے چاہ کے دل میں خود بخود دو فار ہوئے
حسن سے تیرے پری پیکر نیک طلبگار ہوئے

شعر

تیرے سینے کی صفائی سے صفائی ہو گئی
ہاتھ سے تیرے سخاوت کی سخائی ہو گئی

طاقت بازو سے اب طاقت سوائی ہو گئی
پنجۂ مرجان سے لگ لال حنائی ہو گئی

سیہ

دیکھ کے رنگین ناخونوں کو شرمندہ تب لال ہوگئے
لعل بدخشان سے بھی بہتر پیدا اب لعل ہوگئے

شکم سے ترقی ہی کمر سے پوشیدہ سب حال ہوگئے
اور زانو سے ترے دونوں کے شیخ کمال ہوگئے

سم — مارزلف کو اوررخ کو ہردم شعلۂ مار لکھون

گروش مین بلبل وںہار ہی کہان تلک لے یار لکھون — اُسکو ریحان اور اُسکو سینے لالہ زار لکھون
تشبیہ سب اِس سے حیران پڑا ہی وہ کیا خار لکھون — رخ کو قرآن برہمن کاکل کو زنار لکھون

سع — اِسنے جھگڑا ہندو مسلمان کا ہی کیا اسرار لکھون
مارزلف کو اوررخ کو ہردم شعلۂ مار لکھون

رخ کو ہردم شمع روشن کاکل کو دھوان دھار لکھون — یہ بھی غلط ہی اور تشبیہ اسکی ایک بار لکھون
اُسکو موج بحر لکھون اُسے آئینہ بیدار لکھون — سوچ نہ کچا آئینہ حیران یہ کیا اشعار لکھون

زلف سودا بنارسی رخ نور حق گلزار لکھون
مارزلف کو اوررخ کو ہردم شعلۂ مار لکھون

دیگر

سلہ — ناز وادا سے چلا نازنین دو زلفین لٹکا لٹکا
لٹکا عالم دکھایا جب اُسنے لٹ کا لٹکا

دیکھو تماشا اُن زلفون کا پھنسا دام مین کل عالم — پیچ مین اُسکے پڑا ہی یارو یہ بالکل عالم
ایسا باندھا کھینچ زلف مین مچا رہا ہی غل عالم — اُسکے پھندے سے کھواب کیونکر چھاوے کھل عالم
نشے مین ہی ہوشیار بیگے گیسوسے زہر کامل عالم — ہوا دیوانہ دیکھکر اُسکی وہ کاکل عالم

مہ — پھیر مین زلفونکے پھرتا ہی کل جہان بھٹکا بھٹکا
لٹکا عالم دکھایا جب اُسنے لٹ کا لٹکا

گدا انبیا شاہ اولیا اور جو زلف دیکھے گردون — مہک سے اُسکی ہو وین مست اور آلے دل مین خون
زلف عنبرین دیکھکے عالم عاشق ہو گیا گونا گون — لام کہو مین یا انکو لامکان کا الف لکھون
حیدرم اُستے بال مروڑ سے لا لکھون افعی کا ہوا خون — سب کے زہر کو نچوڑا کیا طاقت کرے کوئی چون

سم — کالے نلے سر کو پٹکا حیدرم اسنے لٹ کو جھٹکا
لٹکا عالم دکھایا جب اُسنے لٹ کا لٹکا

ہلا ہلا کے زلف دو تا گشتہ نکے تین حلال کیا — مار مار کے مار صد ہا کو حال بے حال کیا

مشرق سے مغرب تک اُسنے عجب زلف کا جال کیا
حسب مراُسنے زلف بناکے ٹیڑھا بانکا بال کیا
اُسکے بیچ مین ڈالکر کتنون کو پامال کیا
کال بھی اُسکو دیکھکر ڈرا اور اپنا کال کیا

۵۴
پُھنکارا جب زلف کو اُسنے کوئی سامنے نہین پھٹکا
لٹکا عالم دکھایا جب اُسنے لٹ کا لٹکا

دونون رخسارون کے اوپر لٹ لٹکی گھونگھر والی
لٹکا کے جب زلف صنم نے ادھر اُدھر رخ پر ڈالی
دیکھی سنگم کے جھنڈ رنگیلے اور صدا بھولی بھالی
گویا ماہ کے گرد گھر آئی گھٹا کالی کالی
بیان کیا کرون بنائی عجب قدرت کی جالی
سنے سے جسکے ہوئی ہر اک شاعر کو خوشحالی

مطلب ہی توحید زلف مین اور معرفت کا کھٹکا
لٹ کا عالم دکھایا جب اُسنے لٹ کا لٹکا

دیگر

۵۵
فقیری خدا کو پیاری ہی
اسیری کون بچاری ہی

بدن پر خاک ہی سواسبر
ہاتھ باندھے کھڑے رہین امیر
صدا یہ پیچ ہماری ہی
فقیرون کی ہی بھی جاگیر
بادشاہو یا ہووے وزیر
گدا کی خدا سے یاری ہی

۵۶ فقیری خدا کو پیاری ہی

ہی انکا نام سنو درویش
خدا سے ملے رہین ہمیش
کبھی تو گریہ و زاری ہی
کوئی نہین پاوے انسے پیش
کوئی نہین جانے انکا بھیش
کبھی جشنون مین خماری ہی

۵۷ فقیری خدا کو پیاری ہی

ہی انکا مرتبہ بہت بلند
بادشا سے بھی ہین دوچند
انکی دل پر اسواری ہی
خدا کے تئین ہوا یہ پسند
انکو مین بہت برا کہہ ہرچند
[illegible] نہین کہیں ہلیاری ہی

تک — فقیری خدا کو پیاری ہی

چیتھڑے شال سے ہین اعلی
چنے بھی دال سے ہین اعلی
زخم جو جگر پہ کاری ہی

چشم ہر تال سے ہین اعلی
چلن ہر چال سے ہین اعلی
وہی دل پہ گلزاری ہی

تک — فقیری خدا کو پیاری ہی

پانؤن مین پڑا جو ہی چھالا
ہاتھ مین پھوٹا سا پیالا
اگر کوئی ہفت ہزاری ہی

وہ بھی موتیون سے ہی اعلی
جام جمشید سے بھی بالا
تو وہ بھی انکا ہی بھکھاری ہی

تک — فقیری خدا کو پیاری ہی

مکان لامکان فقیرون کا
فقیر ہی نشان فقیرون کا
طاقت صبر وہ بھاری ہی

نشان سب لیے نشان فقیرون کا
خدا ہی ایمان فقیرون کا
مدت تک اسنے ہاری ہی

تک — فقیری خدا کو پیاری ہی

بڑھ گئے بال تو کیا پروا
آگیا مال تو کیا پروا
خدا تو جناب باری ہی

اُتر گئی کھال تو کیا پروا
ہوگئے کنگال تو کیا پروا
کاشی گر کو یادگاری ہی

فقیری خدا کو پیاری ہی

دیگر

کہو کسنے مین دیکھون دیکھا عالم مین کل ہمین تو ہین
کہین یہ گل ہین کہین پہ عاشق بلبل ہمین تو ہین

کہین انا الحق ستے کہین منصور کہین پہ دار ہین ہم
کہین شمس تبریز کہین خورشید اُسی کے یار ہین ہم

کہین یہ سرمد کہین سر لینے کو تلوار ہین ہم
کہین ایک ہین کہین پر دیکھو بے شمار ہین ہم

کہین سے خاموش کسی جا پر شور و غل ہمین تو ہین

مع
ٹرالطف ہو عشق مین مار بھی ہو اور پیار بھی ہو

کبھی ہنسی دل لگی کبھی رونا عاشقونکا بار بھی ہو — کبھی نظر کا چھپانا کبھی نگاہ چار بھی ہو
کبھی گلے سے لگے کبھی وہ کرتا دار و مدار بھی ہو — کبھی جلا لے کبھی ایک ادا سے ڈالے مار بھی ہو

مع
کبھی کرے عیاری وہ اور کبھی وہ بنتا یار بھی ہو
بڑا لطف ہو عشق مین مار بھی ہو اور پیار بھی ہو

کبھی زخم پہ ہووے جگر کبھی بدن پر غار بھی ہو — کبھی کرے خوش کبھی وہ کرتا دل بیزار بھی ہو
وہی ستمگر کہین مراوہ شوخ ستمگر یار بھی ہو — جو چاہے سو کرے اب وہی دل کا مختار بھی ہو

نبارسی کہے نیکی بدی دونونکا اسسے اختیار بھی ہو
بڑا لطف ہو عشق مین مار بھی ہو اور پیار بھی ہو

دیگر

سلہ
قرآن کی آیتین ہم اسکے رخ نایاب سے لکھتے ہین
لاجواب ہم اسکو اپنے اس جواب سے لکھتے ہین

الف کو ہم نہین لکھین گے بینی اس گلرو کی لکھتے ہین — بسم اللہ کو چھوڑ صفت اسکے ابرو کی لکھتے ہین
لام سے کچھ نہین کام جھلک اسکے گیسو کی لکھتے ہین — میم کو کرکے الگ آنکھ ہم اس مہرو کی لکھتے ہین

مع
ے کو ترک جبین جبین دل کی کتاب سے لکھتے ہین
لاجواب ہم اسکو اپنے اس جواب سے لکھتے ہین

لفظونکو کر الگ ہم اسکے رخ لال کو لکھتے ہین — ہر ایک اسم سے بہتر اسکے ہر ایک بال کو لکھتے ہین
کوئی لکھے تو جیم حے خے کوئی دال ذال کو لکھتے ہین — ہم گئے انکو بھول صرف اسکے جمال کو لکھتے ہین

مع
عربی فارسی ہندی ترکی سب شتاب سے لکھتے ہین
لاجواب ہم اسکو اپنے اس جواب سے لکھتے ہین

کل کلام اللہ ہم اسکے سارے خط کو لکھتے ہین — اور معانی قرآن کے اسکی الفت کو لکھتے ہین
زیر و زبر سے زبردست اسکی طاقت کو لکھتے ہین — پیش سے بہتر پیشانی اسکی قسمت کو لکھتے ہین

رخ روشن ہم اعلی اسکا ماہتاب سے لکھتے ہین

۵۴ لاجواب ہم اُسکو اپنے اس جواب سے لکھتے ہین

سکلے سے بڑھکر اپنے دلبر کی بات کو لکھتے ہین
مسلمان ہندؤن سے اعلیٰ اُسکی ذات کو لکھتے ہین

وہ سینگے نادان جو اُسکے جزئیات کو لکھتے ہین
دیبی سنگہ دل پر اُسکی ہر کرامات کو لکھتے ہین

بنارسی توحساب اُسکا بےحساب سے لکھتے ہین
لاجواب ہم اُسکو اپنے اس جواب سے لکھتے ہین

دیگر

۵۵ لامکان ہی عاشقون کا نہین کہین مکان ہی
جہان خدا ہی مستون کا دل سدا وہان ہی

معلوم ہی مجکو جو کوئی چیز جہان ہی
واقف ہون اور کہتا ہون وہ یار کہان ہی

ہون ضعیف پر دل میرا بڑا جوان ہی
ناطاقت ہون پر مجہ مین بڑی توان ہی

۵۶ جہان فنا ہی میرے لیکھے وہین جہان ہی
جہان خدا ہی مستون کا دل سدا وہان ہی

جہان خاموشی ہی وہان پہ شور و فغان ہی
جہان سرد ہی نعرہ وہان آتش سوزان ہی

جہان ہجر ہی الفت کا بہی وہین سامان ہی
جہان لہر بہر ہی وہین کہڑا طوفان ہی

۵۷ کیا کہون مین کہتی میری یہی زبان ہی
جہان خدا ہی مستون کا دل سدا وہان ہی

ہون لباس پہنے پر یہ تن عریان ہی
لبستی کو سمجھتا ہون مین یہ ویران ہی

جہان مسلمان ہین وہین پہ ہندستان ہی
مسجد مین مری اُس بت کا نشان ہی

۵۸ عاشق کی آہ ہی یہی تو ایک اذان ہی
جہان خدا ہی مستون کا دل سدا وہان ہی

زندہ ہی وہی جو جان سے بھی بیجان ہی
کرتا ہی سیر وہ عشق مین جو حیران ہی

نادان کو بہی مین کہتا ہون وہ انسان ہی
یہ عقل ہی میری اور یہ فہم کہان ہی

کہے بنارسی ہر صبح میرا قران ہی

جہان خدا ہی مستون کا دل سدا وہان ہی

دیگر

۵۱

چلتے چلتے تھک گئین یہ میری پنڈلیان
لامکان سمجھ کر پھرے یار کی گلیان

آسمان سمجھ کر زمین پہ خاک اڑائی
لیلی بنکر مجنون کی صورت پائی
منصور جانکر اپنی جان گنوائی

اور عیش سمجھکر تا پھرون گدائی
عزت کو سمجھکر اٹھائی اب رسوائی
دیدار کی خاطر دار پہ کری چڑھائی

۵۲

شکم مانا سینے دکھین جو میری نلیان
لامکان سمجھکر پھرے یار کی گلیان

گلزار سمجھکر خار جگر پہ کھایا
جینے کو سمجھ رونے کا تار لگایا
نزدیک سمجھکر بڑی دور پھر آیا

راحت کو سمجھکر رنج و الم اٹھایا
اور صبر کیا تو اپنا دل گھبرایا
پایا تو جہان مین اپنا ہی آپا پایا

۵۳

ٹھوکر سے پاؤن کے ٹوٹین سبھی انگلیان
لامکان سمجھکر پھرے یار کی گلیان

کعبے کو سمجھکر بیٹھے بتخانے مین
زلفون کو دیکھکر الجھا دل شانے مین
زندگی سمجھ لی اپنا جی جانے مین

بستی کو سمجھ جا پہونچے ویرانے مین
پائین بیہوشی تو پڑگئے غم کھانے مین
وحدت کو سمجھ پی لی پیمانے مین

۵۴

گر پڑے دوڑ کر دل کو ہوئین تلملیان
لامکان سمجھکر پھرے یار کی گلیان

مو سمجھ کے سینے لگے اشک رو رو کے
سب تھے نفع اب بیٹھے گانٹھ کا کھو کے
یکتائی حاصل ہوئی سہرو سے دو کے

اور ہوش سمجھ چلے ہوش رہے ہم سو کے
بے بوجھ ہوئے سر پہ پتھر ڈھو ڈھو کے
کہے بنارسی یہ خیال خوشی ہو ہو کے

اس گل کے واسطے اکھڑائین سب کلیان

اُس عاشق کے سنگ ساری خدائی کھوئین

دیگر

[illegible]
تو جسم جگر اور جان نہین جانا
پھر کیون نہین کہتا خدا جو تو ہی دانا

کستے تجکو باندھا ہی بنا جو بندا
تو اپنے آپ کو دیکھ بہو مست سندا
اور کون پیچ کا پڑا ہی تجھپر پھندا
ہی کون سی وہ بلا جو ہردا تو گندا

[illegible]
گر تو لے اپنے تئین جسم نہین جانا
پھر کیون نہین کہتا خدا جو تو ہی دانا

یہ ہاتھ پانون اور سر بھی نہین کچھ تو ہی
زنخا عورت اور نر بھی نہین کچھ تو ہی
سینہ اور بازو پر بھی نہین کچھ تو ہی
جن دیو پری پیکر بھی نہین کچھ تو ہی

[illegible]
تو اپنے بیچ مین آپ آپ سمانا
پھر کیون نہین کہتا خدا جو تو ہی دانا

رونا اور تڑپنا آہ نہین کچھ تو ہی
کعبہ قبلہ درگاہ نہین کچھ تو ہی
منہ زبان چشم واللہ نہین کچھ تو ہی
اور حرام کی بھی راہ نہین کچھ تو ہی

[illegible]
مسجد بھی نہین تو نہین بت بتخانا
پھر کیون نہین کہتا خدا جو تو ہی دانا

تقدیر اور پیشانی بھی تو نہین ہی
ارواح اور غلمانی بھی تو نہین ہی
آتش اور ہوا گل پانی بھی تو نہین ہی
اس جسم کی نور افشانی بھی تو نہین ہی

یہ بنارسی کا سمجھ سخن مستانا
پھر کیون نہین کہتا خدا جو تو ہی دانا

دیگر

[illegible]
چشمون مین بھرا ہی رنگ گلابی گل کا
اشکون کو پئین گے کام نہین کچھ مل کا

یہ آنکھ مری وحدت کا پیمانہ ہی
چشمون سے زیادہ کوئی نہ مستانہ ہی
اب اسی کو جس نے سمجھا یگانہ ہی
دیکھے تو اسمین کیسا رنگ سیانہ ہی

ہی سیر النشہ آنکھون مین عالم گل کا
اشکون کو پیین گے کام نہین کچھ مل کا
۵۲

جب پی چکین گے آنسو مری چشم گریان سے
پھر تو ہی کا شعین لینگے نام زبان سے
ہو سمجھ کے ہم پیوینگے انکھین جی جان سے
رو رو کے پیین گے اشک لب بریان سے

ہچکیون سے میری ہوگا شور قلقل کا
اشکون کو پیین گے کام نہین کچھ مل کا
۵۳

بادام بھی یہ ہین نرگس کے پیالے ہین
یہ نین ہمارے گلشن گل لالے ہین
دیکھا ہین نے یہ پورے متوالے ہین
ہی تکے انھین بھر رہے ندی نالے ہین

جب چاہے خم کے خم دم مین دے ڈھلکا
اشکون کو پیین گے کام نہین کچھ مل کا
۵۴

اس پری کا عالم آنکھون مین چھایا ہی
ہی سے بڑھکر اشکون مین مزا پایا ہی
اس بادہ کشی سے اب دل گھبرایا ہی
مضمون یہ دیبی سنگھ نے نیا گایا ہی

ہی یہی سخن عاشق صادق بلبل کا
اشکون کو پیین گے کام نہین کچھ مل کا

دیگر

ساقیا پلا ساغر دید اس مل کا
وحدت ہو جسمین بھری وصل تجھ گل کا
۵۶

اب ہو محبت اگر مجھے پلا دے
دل سے دل اور جگر سے جگر ملا دے
اور جام تو اپنی دید کا مجھے پلا دے
دیدار کی دارو سے تو مجھے جلا دے

غل ہو گلشن مین مچے شور قلقل کا
وحدت ہو جسمین بھری وصل تجھ گل کا
۵۷

شوق شراب کا بھر کر پیمانہ لا
مو پلا مجھے اس نور کا میخانہ لا
عشق کی صراحی ہاتھ میں جانانہ لا
گلشن میں گلابی رنگ تو شاہانہ لا

ٹیک
معلوم حال ہو نشے میں عالم گل کا
وحدت ہو جب میں بھری وصل تجھ گل کا

میں تجھے پلاؤں تو مو مجھے پلا سکے
میں کہوں اور دے تو بھی پیئے فرما سکے
جب لذت عشق کا خوب دو بدوا سکے
وہ بات ہو جسکی بات نہ کوئی پا سکے

ٹیک
قدرت کا قرابا مرے جام میں ڈھلکا
وحدت ہو جب میں بھری وصل تجھ گل کا

شیشہ دل میں تو بھر دے مرے انگوری
وہ جلوہ اپنا دکھا دے مجھکو نوری
اس لیے کہ دل کی ہو دے دور کدوری
کہے بنارسی دل کی مراد ہو پوری

دو پیکہ چہکتا رہے یہ دل بلبل کا
وحدت ہو جب میں بھری وصل تجھ گل کا

دیگر

سلہ
میں ہوں جہان کے بیچ بچوں میں کیسے
بھر دے پیالا لبریز ساقیا مجھے

مو وحدت کا مشتاق ہوں ایک مدت سے
جب وقت نشہ سرشار ہوا شدت سے
ہو واقف ہوں میں کچھ پلاؤں کی عادت سے
بے ہوش ہوا اس دنیا کی بدعت سے

ٹیک
ہر وقت زبان سے کہا کروں میں ایسے
بھر دے پیالا لبریز ساقیا مجھے

شعلہ نور دل میں میرے بھڑکا ہے
رونگی ہو دور دل اس نو میں لپکا ہے
عشرت کی ہو ہر دم اس سے چھلکا ہے
اس نشے سے اب کیا نکھر مرا چھلکا ہے

ٹیک
آتی ہے یہی آواز ہر جگہ سے نے سے
بھر دے پیالا لبریز ساقیا مجھے

جس وقت وہ آیا دل مین عشق رنگیلا
اور جامہ جو تھا کھنچا وہ ہوگیا ڈھیلا
تھا چہرے کا رنگ لال سو ٹر گیا پیلا
اسپر بھی دوستون نے کردیا ہے گیلا

حضرت عشق نے مجھے کھلادی ہولی
وہ آتش اور تن پھونک جلادی ہولی

دل تڑپ تڑپ کر اپنا ناچ دکھائے
دل آہ آہ کر شور اور دھوم مچائے
یہ عشق نہ اپنی کچھ خاطر مین لائے
پر عشق نہ اسکی مطلق سُنے سنائے

لو سنو دوستو تمھین سنادی ہولی
وہ آتش اور تن پھونک جلادی ہولی

تھک گئے عشق کی کبیر گاتے گاتے
کوئی سر پڑا ہے خاک کوئی چلا آتے
جسکو دیکھا وہ آئے ڈھول بجاتے
کہے بنارسی ہم عشق مین ہین رنگ ماتے

جو حق اللہ تھی مین نے گادی ہولی
وہ آتش اور تن پھونک جلادی ہولی

دیگر

ہم تیرے عشق مین یار بہت دن بھٹکے
اب ملا صنم تو ہمین سے کھلے پٹ گھونگٹ کے

کبھی بار گیا سر تیرے عشق مین سے لٹکے
کیے رنج و الم منظور ذرا نہین کھٹکے
سب پایا ہمنے نام تمہارا رٹکے
دل کی دہشت سب نکل گئی جھٹ جھٹکے

کئی لاکھ وشنو کے دیے ہین تو نے جھٹکے
اب ملا صنم تو ہمین سے کھلے پٹ گھونگٹ کے

جس وقت تری وہ زلف ناگنی سے لٹکے
گر دیکھے کالا ناگ تو سر کو پٹکے
کوئی ادھر سے ہوجائے ادھر ادھر سے جھٹکے
جو چڑھ جائے زہر تو پھر نکلا وہ گھر کو بھٹکے

ہم عاشق ہین مضبوط کہان جائین سے ہٹکے
اب ملا صنم تو ہمین سے کھلے پٹ گھونگٹ کے

پہ سُنی بات سب سُنتے نندکے لالا
لگ گئین گلے سے آپ سکل برج بالا
سُنی مین بجا کے تان وہ جادو ڈالا
کہے دیتی سنگہ مین جیون نام گوپالا

کہے نبارسی کچہ گول ہی اس گولی مین
چوری سے چُھٹے دھرے ہین کیون جھولی مین

دیگر

سم
ہر جگہ پہ دیکھا کہین نہین تو دیکھا
جہان یاد ہی تیری وہین وہین تو دیکھا

گئے بہشت مین ہم وہان نہ تجہکو پایا
کعبہ قبلہ مکہ مسجد ڈھونڈوا پایا
جا جا کر گنگا ساگر سندھ نہایا
تجہانے مین بھی نظر نہین تو آیا
کاشی متھرا مین بہت دنون بھرمایا
مین تیرے عشق مین چارون طرف اُٹھ دھایا

سم
نہین ہیتے پیارے اور کہین تو دیکھا
جہان یاد ہی تیری وہین وہین تو دیکھا

جنگل بستی سب اُجاڑ سہتے چھانا
کوئی متوالا کہتا ہی کوئی مستانا
کو بکو پھرا در در کا ہوا دوانا
نہین دیکھا تجکو دیکھا سبھی زمانا
جو جو کچہ جسنے کہا وہ ہمنے مانا
نہین پایا پیارے تیرا کہین ٹھکانا

سم
اب یاد کری تو دل مین ہین تو دیکھا
جہان یاد ہی تیری وہین وہین تو دیکھا

سر ٹپک ٹپک کر پہاڑ پہ دے مارا
دیکھا دیول دیہرا اور ٹھاکردوارا
گھر بار ذات عالم سے لیا کنارا
اور آہ آہ کر کے بہت پکارا
سُنا پایا سب کو دیکھ دیکھکر ہارا
جیسی کچھ گذری ویسا ہی کیا گذارا

سم
یہ باتین ہمکو یاد رہین تو دیکھا
جہان یاد ہی تیری وہین وہین تو دیکھا

سب دیکھا ہمنے گلشن اور گل لالا
بن فقیر بن بن پھرا ہمین بن مالا

دیکھا تھی تپا اور ڈالی ڈالا
یہ بنارسی کا کلام رس کا ڈھالا

ہے سب مین تو اور سب سے رہے نرالا
ہے عرض مری یہ سنا دو نند سے کے لالا

تجھ دلبر پہ عاشق ہون سہین تو دیکھا
جہان یاد ہے تیری وہین وہین تو دیکھا

دیگر

عشق حضرت سے کی ہمیشہ مہربانی
گردن مین کیا کیا مہانی

سله

نذر دینے کو دل اپنا مین لایا
عشق نے میرا جب لخت جگر کھایا

عشق کے بہت پسند آیا
تو مین نے اور بھی ہتلایا

خون عاشق کا یہ ہے تازہ پانی
پیچے عشق مزے سے جانی

سم

اشک گوہر کا جب گلے ہار ڈالا
چشم مین بھر بھر کے وہ سے گل لالا

عشق نے کیا یہ ہی اعلی
اسکے تئین دیا پیالا

بن ٹہری مجھ سے جو کچھ قدر دانی
عشق کی سبھی بات مانی

سم

جگر پہ مرے جو تھے الفت کے مار
اور سینے پہ گل کھائے کئی ہزار

دکھایا عشق کو وہ گلزار
دکھائی عشق کے تئین بہار

مال و زر سارا دیکر کے سبھی ٹھانی
کیا تن اپنا عریانی

سم

اور اک تحفہ جو تھی سب مین بھاری
عشق کے اوپر وہ بھی مین نے واری

جان ہوتی سبکو پیاری
نذر دینے سے ہوے عاری

کہون مین اسکے آگے اب کیا بانی
عشق کے ہاتھ ہے زندگانی

سه

مژہ کی نوکون سے ہوئی دل زناوار تمھارے کوچے مین
ہر اک وضع سے یار چلے تہیار تمھارے کوچے مین

سطہ

مان نہ مطلق رہا نہ ادرار مان تمھارے کوچے مین
جان بھی باقی نہین رہی دلجان تمھارے کوچے مین

جال زلف کا بچھا ہی وہ جنجال تمھارے کوچے مین
لال لبون پر صدقے کر دون لعل تمھارے کوچے مین
بال دیکھکر دل کو ہوا وبال تمھارے کوچے مین
کتنے مال والے ہوگئے پا مال تمھارے کوچے مین

سٹہ

بان آپکے یہی چاہین نت بان تمھارے کوچے مین
جان بھی باقی نہین رہی دلجان تمھارے کوچے مین

یاد مین دل بلبل ہی پھنسا صیاد تمھارے کوچے مین
شاد کرو عاشق کو یہ ہی ناشاد تمھارے کوچے مین
داد نہ اُسکی ملی رہا لیے داد تمھارے کوچے مین
بعد مرگ کے لاش نہو برباد تمھارے کوچے مین

سعہ

شان پہ تیری فدا ہی ہندوستان تمھارے کوچے مین
جان بھی باقی نہین رہی دلجان تمھارے کوچے مین

نام بہت سا ہوا مرا بدنام تمھارے کوچے مین
عام ہی عاشق نبارسی سر عام تمھارے کوچے مین
رام رام کہتا ہون کب ہی آرام تمھارے کوچے مین
ہم بھی ہوگئے شام اُسکے گھنشیام تمھارے کوچے مین

دھیان لگا کے کرلےتہین ہدھیان تمھارے کوچے مین
جان بھی باقی نہین رہی دلجان تمھارے کوچے مین

دیگر

سلہ

گرچہ عشق مین رنج نہووے تو کوئی اسکا نام نہ لے
عاشق وہ ہی رنج کے سوا کہین آرام نہ لے

لاکھون صدمے سے جگر پر زبان سے نکلے آہ نہین
غم مین خوشی ہووے سوئی عاشق لیسے دردہو واہ نہین
جو کہ لطف ہی رنج مین ایسا مزا کوئی واللہ نہین
چاہنے والے کو غم کے سوا کسی کی چاہ نہین
سوا عشق کے دوسری طرف کرنے نگاہ نہین
وہ کیا جانے جو اسکی لذت سے آگاہ نہین

سعہ

جفا کو سمجھے وفا الم کو چھوڑا در کوئی کام نہ لے
عاشق وہ جو رنج کے سوا کہین آرام نہ لے

جسنے عشق کو چاہا اُسنے غم کھانا اختیار کیا — سر پر آرے چلین اُسپر بھی نہین انکار کیا
عاشق اُسی کو کہیے جسنے جان و مال نثار کیا — داغ عشق سے جگر سینہ اپنا گلزار کیا
دم مین دم کو دم کر کر اپنے دم کو دم دار کیا — جگر جلایا تو اُس سے روشن دل لیلدر کیا

۵۳

جفا کو سمجھے وفا الم کو چھوڑا اور کوئی کام نہ لے
عاشق وہ ہے رنج کے سوا کہین آرام نہ لے

ورنہ عشق کا ہوا رنج سے گر اسمین کچھ رنج نہو — پھر کوئی اسکو کرے کیون یہ جواب تم ہمکو دو
عاشق تھا منصور دار پر چڑھا جان اپنی دی کھو — لطف اُٹھایا عشق کا رنج کو راحت سمجھا جو
آہ عشق لئے کیئے ہین کیا کیا ستم کہان ملین کیا اسکو — غم کے دریا مین اسنے لاکھون عاشق ڈبے ڈبو

۵۴

مجھ سے بھی کہتا ہے کہ ثواب جبین صبح اور شام ئلے
عاشق وہ ہے رنج کے سوا کہین آرام نہ لے

غرا عشق کا رنج سے ہے گر اسمین رنج نہین ہوتا — پھر کوئی عاشق اشک لہو سے منہ کیونکر دھوتا
کیون مرتا شیرین پہ کوہکن اور مجنون کیونکر روتا — اپنے سر کو ہاتھ سے وہ سر مد بھی کیون کھوتا
بنارسی گر مزا نہ پاتا تخم محبت کیون بوتا — بحر عشق مین لہر دیکھی تو پھر مارا غوطا

مین سلام کرتا ہون رنج کو چاہے وہ میرا سلام لے
عاشق وہ ہے رنج کے سوا کہین آرام نہ لے

دیگر

۵۱

غم عشق مین مر گئے ہم تسپر بھی نہین یہ غم نکلا
آہ سے آتش لگی خاموش ہوئے تو دم نکلا

ضبط کرون گر آہ سوزان کو تو دل بیتاب ہووے — آہ کرون جو جگر جل جلکے مر کباب ہووے
یون بھی مرے اور رون بھی مر کس طرح سے دلکو تاب ہووے — عشق صنم نے کیا آزاد یہ اُسے ثواب ہووے
کیا طاقت گر اسکی روبرو زبان سے میری جواب ہووے — جو چاہے سو کرے اب اُسکا بھلا شتاب ہووے

۵۲

لاکھون صدمے سہے یہ میرے دل سے نہ رنج والم نکلا
آہ سے آتش لگی خاموش ہوئے تو دم نکلا

اور وہ صفائی حسن خدائی ہر ایک جبیں از شبہ ہے روشن
اور وہ پسینا گویا نگینہ ہر ایک آب گہر سے روشن

ستی ہے اسکی صفت یہ جیسے جھبکا کے ماتھا زمیں پہ ڈالا
کیا تاب طاقت گر اسکو دیکھے مرا وہ دلبر ہے سب پہ بالا

وہ دونوں ابرو جھکے ہیں اسکے گویا کمان تکتا ہیں کبھی کبھی
اگر خفا ہوکے اس صنم نے ذرا اٹھی تھی وہ بھون جھکائی
اور تیر مژگان چڑھے ہیں جیسے نظر پہ کیسہ اب تو قہر کی
تو گر پڑے لاکھوں سر زمیں پر لگی نہ اک پل بھی انہیں پھیری

یا ہیں وہ تیغ دو دم چمکتی یا خنجر تیز ان سے نکلا
کیا تاب طاقت گر اسکو دیکھے مرا وہ دلبر ہے سب پہ بالا

وہ چشم آہو اگرچہ دیکھے تو آنکھ ہرگز نہ ہو مقابل
وہ خونی بینا اور ٹیڑھی چتون پڑے جدھر کو تو کیا ہو حاصل
اور سرمہ کا گر کھڑا ہو نرگس اسکی آنکھوں پہ ہووے مائل
کوئی ہو مردہ کوئی تڑپتا کوئی سسکتا اور کوئی بسمل

وہ مست دونوں پیے ہوئے ہیں بھرے نشے میں لیے ہیں پیالا
کیا تاب طاقت گر اسکو دیکھے مرا وہ دلبر ہے سب پہ بالا

وہ بینی اسکی الف کی صورت جو اسکو دیکھے کہے واللہ
لبہائے شیریں ہیں وہ لذت کہ ہونٹ چاٹے ہر ایک شیدا
کہیں کہ وہ تھتھنوں کی اس قدر ہے کہ دل تڑپتا ہے میرا واللہ
ہیں باتیں بھولی اور وہ ٹھوڑی نہ ایسی بولی کہیں ہے پیدا

سنے اگرچہ جو گوش کر کے وہ اسکی باتوں کی پھیرے مالا
کیا تاب طاقت گر اسکو دیکھے مرا وہ دلبر ہے سب پہ بالا

کبھی اگرچہ وہ ہنسکے بولے تو چمکے اس گل کے ایسے دندان
یہ وصف سنتے ہی خوف سے کہا کہ یہ قدرت سے چھپا ہیں مرجان
جگر گہر کا چھیدے جو دیکھے اور دانت جیسے لعل بدخشان
اور برق ایسی گری تڑپ کے وہ ہوش اسکا ہوا پریشان

بیان کروں کیا دہن کا اسکے ہوا تنگ دل نہ بولا چالا
کیا تاب طاقت گر اسکو دیکھے مرا وہ دلبر ہے سب پہ بالا

فقط یہ بہر بکی اک صفت ہے جو عقل اپنی میں کچھ نہ آیا
کوئی کتاب بنا کے کہاں تک کسی نے سیکھا کسی نے گایا
بیان وہ کیسے کیا زبان سے یہ بھید اسکا ذرا نہ پایا
ہزاروں ملا گذرے سیانے کوئی انتہا نہ اسکی لایا

فضل اسکا ہو تو دیکھا بنارسی نے وہ باری تعالی
کیا تاب طاقت گر اسکو دیکھے مرا وہ دلبر ہے سب پہ بالا

دیگر

اکبر آباد کے بیچ ہندو ہی جیوں کی ہین میر ادھام
ہر کے بھجروسے تہان مین اہرنشا کرتا بسرام

رادھا کرشن ہی نام جہان لکھنے کا ہی کرتا الشکام
اسمین ہی کرتا ہون گذارا جو بدھنا نے دیئے دام
آو رہیت یہ جتن کر کمہ سے کرتا رام ہی رام
لاکہ جتن کوئی کرے تو اُسے ملے نہین ایک چھدام

اور کسی سے کام نہین ہی بدھنا کو بھیج اُنھون جبا م
ہر کے بھجروسے تہان ہین اہرنشا کرتا بسرام

لکھنے کا ہی پرپام جیسا کرے سو ہی اسکو جانے
پنڈت جن کے سوا نہین کوئی بھی اسکو جانے
جانتے پنڈت سبھا سہ بڑی کٹھنتا بکہانتے
ایسے بھی نر بہت ہین نا سمجھ اپنی تانے

ہن اچھا بھگوت کی کیونکر جانے گا اچھیر کا نام
ہر کے بھجروسے تہان ہین اہرنشا کرتا بسرام

سادھ پھپانا سیج نہ سمجھو بڑی کٹھن ہو سکتا ہی
جنکے تن پر پڑے ہیر وہی پیر سبھی سہ سکتا ہی
ہندوان کے سوا نہین اور کوئی کو سکتا ہی
کیا جانے کوئی پیر اور کی جبے تیر نہین لگتا ہی

جو کچھ بدھنا لکھی بھال ہین تا بدھر سے تبھے سیہ کام
ہر کے بھجروسے تہان ہین اہرنشا کرتا بسرام

کرکٹ گریوا ہین سبیں ملکہ سیجا گرو کمر سے سجان
جو کوئی سجن سُنے سناوے من تسجیے ہمین رکہ دھیان
یہ الجھن ہین لیکہہ کے پنڈت جن نے ہین بکھان
پریم ورشٹے سے کامنا انکی پجے ہین سری بھگوان

پڑھو سکل ہر بھگت پیار سے رادھا کرشن کرتا پرنام
ہر کے بھجروسے تہان ہین اہرنشا کرتا بسرام

تمت لاونی پریم گیان

خاتمۃ الطبع الحمد للہ کہ ان دنون بتائید غیبی سے کتاب لاجواب لاونی پریم گیان من تصنیف لطیف شناع معرفت گو پریم ہنس کاشی گر بنارسی حقانی مطبع فیض منبع جناب منشی نولکشور صاحب واقع شہر کانپور ماہ جولائی سنہ ۱۸۹۸ء مین چھپی